آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعۃ المبارک 17 جولائی 2020ء بمطابق 25 ذیقعد 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 195

محرم الحرام کی مناسبت سے حفظان صحت کے تمام اصولوں کو مدنظر رکھا جائے گا، گورنر بلوچستان

محرم الحرام کی مناسبت سے حفظان صحت کے تمام اصولوں کو مدنظر رکھ کر جلوس اور مجالس کے انعقاد کیلئے بین المسالک رواداری کے تحت اہتمام کیا جائے گا

سردست وفاق اور صوبوں کے درمیان خوشگوار تعلقات قائم ہیں اور بین الصوبائی ہم آہنگی کو فروغ دینے اور باہمی تعلقات کو مضبوط اور مستحکم بنانے کیلئے مزید اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے

گورنر بلوچستان سے وزیراعلیٰ پنجاب نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی، ملک کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، عالمی وبا سے بچاؤ کے حوالے سے اٹھائے گئے اقدامات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (ش ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا کہ محرم الحرام کی مناسبت سے حفظان صحت کے تمام اصولوں کو مدنظر رکھ کر جلوس اور مجالس کے انعقاد کیلئے بین المسالک رواداری کے تحت اہتمام کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں صوبے بھر کے جید علماء و مشائخ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، واضح رہے کہ صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے جمعرات کے روز کورونا وائرس سے پیدا ہونے والی صورتحال کے پیش نظر ماہ محرم الحرام کے سلسلہ میں مذہبی اجتماعات بالخصوص عاشورہ کے جلوس اور مجالس کے حوالے سے ملک بھر کے جید علماء کرام اور

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اور ڈپٹی کمشنر قائم لاشاری ریسٹ ہاؤس پشین میں علاقے کے قبائلی و سیاسی عمائدین سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اہل تشیع فجر صبح	04:15
اہل تشیع ظہرین	01:00
اہل تشیع مغربین	07:27

کووڈ-19 کے چیلنج سے نمٹنے کے لئے خطیر فنڈز مختص کئے گئے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

ہر ضلع میں سڑکوں، ہسپتالوں، تعلیمی اداروں، پانی اور دیگر شعبوں کے منصوبوں کے لئے فنڈز مختص کئے گئے ہیں، ان منصوبوں کی تکمیل سے ضلعوں کی یکساں بنیاد پر ترقی ممکن ہوگی

یہ پہلی صوبائی حکومت ہے جس نے سیاسی اور دیگر وابستگیوں سے بالاتر ہو کر ضلع پشین میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا ہے، وزیراعلیٰ نے زیر تعمیر لاء کالج کی عمارت کا معائنہ بھی کیا

رواں مالی سال کے بجٹ میں شعبہ صحت کی بہتری اور جن سے بڑے شہروں کے ہسپتالوں میں علاج معالجہ کی جدید سہولتیں فراہم کی جائیں گی، جام کمال خان

پشین (ش ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ رواں مالی سال کے بجٹ میں شعبہ صحت کی بہتری اور کووڈ-19 کے پنجے سے نمٹنے کے لئے خطیر فنڈز مختص کئے گئے ہیں جن سے بڑے شہروں کے ہسپتالوں میں علاج معالجہ کی جدید سہولتیں فراہم کی جائیں گی، سالانہ ترقیاتی پروگرام میں تمام ضلعوں کی ضروریات کے مطابق بڑے ترقیاتی منصوبے شامل کئے گئے ہیں، ہر ضلع میں سڑکوں، ہسپتالوں، تعلیمی اداروں، پانی اور دیگر شعبوں کے منصوبوں کے لئے فنڈز مختص کئے گئے ہیں، ان منصوبوں کی تکمیل سے ضلعوں کی یکساں بنیاد پر ترقی ممکن ہوگی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے قبائلی عمائدین، بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی عہدیداروں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، صوبائی وزراء

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وفاقی وزیر دفاع بریگیڈیئر (ر) اعجاز احمد شاہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

احساس ایمرجنسی کیش پروگرام کا بجٹ بڑھا کر 203 ارب روپے کر دیا گیا، شبلی فراز

9.16 ملین مستحق خاندانوں تک رسائی کیلئے 203 ارب روپے کا بجٹ مختص کیا ہے، ابتدائی طور پر جب 9 اپریل 2020 کو اس پروگرام کا آغاز کیا گیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے سب سے بڑے سماجی تحفظ کے پروگرام احساس نے کووڈ 19 کے باعث لاک ڈاؤن کے معاشی اثرات کو کم کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، ان غیر معمولی حالات میں احساس ایمرجنسی کیش کی مجموعی کامیابی اور اس کے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

نئے بننے والے اضلاع میں ریجنل دفاتر بنا رہے ہیں، وزارت داخلہ

ایگزیکٹو دفاتر کا قیام ہی امتیازی ہے جو عمران خان کے بنیادی فلسفے کے خلاف ہے، مشیر پارلیمانی امور بابر اعوان کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے داخلہ شوکت علی نے کہا ہے کہ ملک کے تمام اضلاع میں ریجنل پاسپورٹ کے دفاتر موجود ہیں، نئے بننے والے اضلاع میں اب ریجنل دفاتر بنا رہے ہیں۔ جمعرات کو قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ پنجاب سردار محمد عثمان بزدار نے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے ہمراہ پشین کا دورہ کیا

پشین (ش ن) وزیراعلیٰ پنجاب سردار محمد عثمان بزدار نے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے ہمراہ پشین کا دورہ کیا، صوبائی وزراء میر ضیاء لانگو، میر شہور احمد بلیدی، میر محمد خان لہڑی، رکن قومی اسمبلی عمر گیمی، پارلیمانی سیکرٹری محترمہ بشریٰ رند اور محترمہ ماہ جبین شیرانی بھی اس موقع پر موجود تھے، پشین پہنچنے پر

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان سے تجارتی تعاون کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں گے، عثمان بزدار

بلوچستان میں موجود معدنیات اس علاقے کی قسمت بدل سکتی ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ بلوچستان سے تجارتی تعاون کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں گے بلوچستان میں موجود معدنیات اس علاقے کی قسمت بدل سکتی ہیں ترقی کیلئے امن و آشتی بنیادی ضرورت ہے، امن ہوگا تو ترقی آئے گی بلوچستان میں

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سلوگن

بلوچستان میں لاک ڈاؤن کی مدت میں توسیع کا مطلب یہ ہے کہ کرونا وائرس کی شدت کے ساتھ دوبارہ سر اٹھانے کے امکانات موجود ہیں، کیوں کہ اب بھی کرونا کے کیسز سامنے آ رہے ہیں، دیگر صوبوں سے بلوچستان میں داخل ہونے والے افراد اپنا کرونا ٹیسٹ ضرور کروائیں، کیوں کہ باہر سے آنیوالے افراد بھی بلوچستان میں کرونا کیسز میں دوبارہ شدت پیدا کرنے کی وجہ بن سکتے ہیں۔

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

پنجگور پولیس کی کارروائی کالعدم گروہ کے دو کارندے گرفتار، مجینی گن پک اپ، ٹرک، کیچن گاڑی برآمد، گرفتار

پنجگور (این این آئی) پنجگور پولیس کی کارروائی کالعدم گروہ کے دو کارندے گرفتار، مجینی گن پک اپ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ضلع نوشکی میں ٹریفک حادثہ میں ایک شخص زخمی ہو گیا ہے

نوشکی (آن لائن) بلوچستان کے ضلع نوشکی میں ٹریفک حادثہ میں ایک شخص زخمی ہو گیا ہے اطلاعات کے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے جنگل پیر علی زئی میں دو گروہوں میں تصادم دو افراد زخمی ہو گئے

قلعہ عبداللہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے جنگل پیر علی زئی میں دو گروہوں میں

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 63 کیس رپورٹ، متاثرہ افراد کی تعداد 11385 جبکہ اموات کی تعداد 128 ہو گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 63 کیس رپورٹ ہونے کے بعد صوبے میں

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

اسلام آباد میں جنسی زیادتی، منشیات زنا بالجبر اور شراب نوشی کے واقعات میں کمی ہوئی ہے، وزیر داخلہ اعجاز شاہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ بریگیڈیئر ریٹائرڈ اعجاز شاہ نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں 2019ء

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق، گھریلو رسد اور گندم کی طلب کے فرق کو ختم کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے ترجمان نے کہا ہے کہ وزارت قومی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

پلاننگ جعلی نہیں تھے، وزیر ہوابازی کا اس ایوان میں دیا گیا بیان جعلی تھا، ایوان تحقیقات کرے، مرتضیٰ جاوید عباسی کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن مرتضیٰ جاوید عباسی نے کہا ہے کہ پلاننگ جعلی نہیں

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

بے آئی ٹی رپورٹ میں صرف ایک شخص کا نام ہے وہ وزیراعظم ہے، نفیسہ شاہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رکن نفیسہ شاہ نے قومی اسمبلی میں عالمگیر خان کی تقریر پر

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی کام کی کوالٹی پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا، ضیاء اللہ لانگو

قلات میں ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور فنڈز کے درست استعمال کو یقینی بنانے کے لیے سخت مانیٹرنگ کی جائے گی۔ ڈیولپمنٹ پیکیج کی نگرانی کے لیے موثر میکانزم تشکیل دے دی گئی ہے

محکمہ مواصلات و تعمیرات صوبے میں ترقیاتی منصوبوں اور بالخصوص ضلع قلات میں جاری ترقیاتی اسکیمات کی کڑی نگرانی کر رہا ہیں، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (ش ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات صوبے میں ترقیاتی منصوبوں اور بالخصوص ضلع قلات میں جاری ترقیاتی اسکیمات کی کڑی نگرانی کر رہا ہیں انہوں نے محکمہ مواصلات و تعمیرات کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ سیکرٹری مواصلات و تعمیرات کی خصوصی دلچسپی کی بدولت قلات اور دیگر علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبے اپنی تکمیل کو پہنچ رہے ہیں جس کا فائدہ براہ راست عوام کو ہوگا۔ یہاں سے جاری ہونے والے اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ قلات میں ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور فنڈز کے درست استعمال کو یقینی بنانے کے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

میری پریس کانفرنس کو چار روز ہو گئے پی ٹی آئی نے کوئی جواب نہیں دیا، بلاول بھٹو زرداری

عالم جہ کرپشن کا جواب دو، پی آر ٹی کرپشن کا جواب دو، سلائی مشین سے نیویارک میں بننے والے تاورز کی کرپشن کا جواب دو، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ میری پریس کانفرنس کو چار روز ہو گئے پی ٹی آئی نے کوئی جواب نہیں دیا، عالم جہ کرپشن کا جواب دو، پی آر ٹی کرپشن کا جواب دو، سلائی مشین سے نیویارک میں بننے والے تاورز کی کرپشن کا

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

صدر مملکت سے وفاقی محتسب کی ملاقات، وفاقی محتسب نے صدر کو اپنے ادارے کی کارکردگی سے آگاہ کیا

وفاقی محتسب نے کیسز کے 60 دنوں میں فیصلے کئے، نظرثانی اپیلوں کے 45 دن میں فیصلے کئے گئے، صدر مملکت کو بریفنگ دی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت سے وفاقی محتسب سید طاہر شہباز نے ایوان صدر میں ملاقات کی جس میں وفاقی محتسب نے صدر کو اپنے ادارے کی کارکردگی سے آگاہ کیا۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ 2019ء کے دوران 75 ہزار سے زائد کیسز نمٹائے گئے جن میں سے 97 فیصد فیصلوں پر عمل درآمد کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب میں 1039 کیسز میں نظرثانی کی اپیلیں دائر کی گئیں، 317 کیسز میں صدر پاکستان کو اپیلیں دائر کی گئیں جو کہ مجموعی کیسز کا 4.0

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کی قیادت میں ترقی کا سفر جاری رہے گا، وزیراعلیٰ پنجاب

عوام کے اندر بھی ایک اعتماد پیدا ہوتا ہے اور ہمارا تعلق کسی بھی صوبے سے ہو قومی یکجہتی کو استحکام ملتا ہے

ایسے کام کر کے جائیں گے جو آنے والی حکومت کیلئے مثال بنے، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان

پشین (ش ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے وزیراعلیٰ پنجاب سردار محمد عثمان بزدار کے دورہ پشین کے موقع پر ان کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا دورہ بلوچستان ہمارے لئے باعث مسرت ہے، وہ پنجاب کے پہلے وزیراعلیٰ ہیں جنہوں نے بلوچستان کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا جن میں تربت، گوادر، مولی کیل، زیارت شامل ہیں اور آج وہ پشین میں موجود ہیں جس کے بعد وہ لورالائی بھی جائیں گے، وزیراعلیٰ پنجاب کے بلوچستان کے دورہ سے ایک مثبت پیغام جاتا ہے کہ جب صوبے ایک دوسرے کے ساتھ اس طرح کا تعاون اور یکجہتی دکھاتے ہیں تو اس کا ایک اچھا اثر نہ صرف حکومتی امور پر پڑتا ہے بلکہ عوام کے اندر بھی ایک اعتماد پیدا ہوتا ہے اور ہمارا تعلق کسی بھی صوبے سے ہو قومی یکجہتی کو استحکام ملتا ہے، انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا تسلسل کے ساتھ بلوچستان کا دورہ کرنا ہمارے لئے مسرت کا باعث ہے، انہوں نے کہا کہ وہ وزیراعلیٰ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ نے محکمہ تعلیم میں گریڈ 9 سے 15 کے ٹیچنگ سٹاف کی آسامیوں پر دیا گیا

حکم امتناعی ختم کرتے ہوئے آسامیوں پر بھرتی کیخلاف دائر کردہ پٹیشن کو خارج، محکمہ تعلیم کی ریکروٹمنٹ پالیسی 2019 کو درست قرار دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ نے محکمہ تعلیم میں گریڈ 9 سے 15 کے ٹیچنگ سٹاف کی آسامیوں پر دیا گیا حکم امتناعی ختم کرتے ہوئے آسامیوں پر بھرتی کیخلاف دائر کردہ پٹیشن کو خارج، محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی ریکروٹمنٹ پالیسی 2019 کو درست قرار دیا۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس روزی خان بزنجو پر مشتمل دو رکنی بنچ نے محکمہ تعلیم میں گریڈ 9 سے 15 کی ٹیچنگ آسامیوں پر بھرتی کے خلاف دائر کردہ پٹیشن کے فیصلے میں کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کی بھرتی پالیسی 2019 میں کسی بھی قسم کی بدنیاتی نہیں پائی گئی جبکہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ نے ہمارے مسائل کو ہمیشہ ترجیح بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کی ہے، جس پر ہم ان کے شکر گزار ہیں، رحیم آغا

شاہراہ بالا والے گزشتہ چار ماہ سے بیروزگار ہیں اور شاہراہ بالا سے منسلک متعدد شعبوں سے وابستہ افراد بیروزگار ہیں، انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری اللہ داد ترین، میرج ہال کے صادق عباس کاسی، انجمن تاجران پشین کے صدر بہادر خان ترین نے وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی دعوت پر جمعرات کو پشین ریسٹ ہاؤس میں وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی سے لاک ڈاؤن میں ترمیم کے حوالے سے تفصیلی ملاقات کی جس میں انجمن تاجران کے نمائندوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان پر واضح کیا کہ اس وقت ہم پر تاجروں، ریسٹورنٹ مالکان اور

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت کا تعمیراتی شعبے میں چار سو ارب روپے کے منصوبے شروع کرنے کا اعلان

احساس ایمرجنسی کیش کا بجٹ 144 ارب سے بڑھا کر 203 ارب روپے کر دیا ہے، پروگرام میں وزیراعظم بھی اپنی مرضی سے نہ تو کوئی کیس ڈال سکتے نہ نکال سکتے ہیں

تعمیراتی شعبے کی ترقی سے معیشت بحال ہوگی، وزیراعظم کی ہدایت پر تعمیرات سے متعلق ہر دو روز بعد بریفنگ دی جائیگی، وزیر اطلاعات شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے تعمیراتی شعبے میں چار سو ارب روپے کے منصوبے شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ منصوبے ہاؤسنگ انڈسٹری کو تحریک کر کے کھولے گئے تعمیراتی شعبے کی ترقی سے معیشت بحال ہوگی، وزیراعظم کی ہدایت پر تعمیرات سے متعلق ہر دو روز بعد بریفنگ دی جائیگی، احساس ایمرجنسی کیش کا بجٹ 144 ارب سے بڑھا کر 203 ارب روپے کر دیا ہے، پروگرام میں وزیراعظم بھی اپنی مرضی سے نہ تو کوئی کیس ڈال سکتے نہ نکال سکتے ہیں، ایک کروڑ 69 لاکھ افراد کو رقم فراہم کرنے تک احساس کیش پروگرام جاری رہیگا، کورونا کی وجہ سے ہمیں آئی ایم ایف اور ممالک سے مالی سہولیات ملیں دسمبر تک ہیں، کورونا کے باعث ہمارے لوگوں کو وہ تکالیف نہیں دیکھنی پڑیں جو دیگر ملکوں نے دیکھیں۔ جمعرات کو یہاں وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے معاون خصوصی ڈاکٹر ثانیہ نشتر کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم ہاؤس میں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

کورونا سے نکلنے کے بعد ہوٹل کا معاملہ دیکھیں گے کوئی غلط ڈیل نہیں ہوگی، غلام سرور خان

1997 سے 2019 تک چار سو چوبیس ملین کا منافع کمایا گیا ہے، دو ہزار انیس پہلا سال تھا جس نے روز ویلٹ ہوٹل کا نقصان کیا، قائمہ کمیٹی کو بریفنگ

جب تک کورونا کی وباء ہے روز ویلٹ ہوٹل کو نہ بیچنا چاہیے نہ ہی تعمیرات کرنی چاہیے اور نہ ہی جوائنٹ وینچر کیا جائے، قائمہ کمیٹی کی سفارش

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر غلام سرور خان خان نے کہا ہے کہ روز ویلٹ ہوٹل کو دوبارہ تعمیر نہیں کیا جا سکتا، ہوٹل خسارے میں جا رہا ہے، کورونا کے نکلنے کے بعد ہوٹل کا معاملہ دیکھیں گے اس حکومت کی جانب سے کوئی غلط ڈیل نہیں ہوگی جبکہ کمیٹی کو بتایا گیا ہے کہ 1997 سے 2019 تک چار سو چوبیس ملین کا منافع کمایا گیا ہے، دو ہزار انیس پہلا سال تھا جس نے روز ویلٹ ہوٹل کا نقصان کیا۔ جمعرات کو سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے ایوی ایشن کے اجلاس میں سیکرٹری ایوی ایشن ناصر جامی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

رکن قومی اسمبلی اسلم بھوتانی علیل ہو گئے ڈاکٹرز نے آرام کا مشورہ دے دیا

لسبیلہ (این این آئی) رکن قومی اسمبلی اسلم بھوتانی علیل ہو گئے ڈاکٹرز نے آرام کا مشورہ دے دیا بھوتانی عوامی رابطہ آفس سے جاری ایک اعلامیہ کے مطابق لسبیلہ و گوادر سے منتخب رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی کی طبیعت ناساز کے سبب انہیں ڈاکٹرز نے مکمل آرام کا مشورہ دیا ہے جس کی وجہ سے وہ فون پر رابطہ رکھنے سے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ نے محکمہ تعلیم میں گریڈ 9 سے 15 کے ٹیچنگ سٹاف کی آسامیوں پر دیا گیا

حکم امتناعی ختم کرتے ہوئے آسامیوں پر بھرتی کیخلاف دائر کردہ پٹیشن کو خارج، محکمہ تعلیم کی ریکروٹمنٹ پالیسی 2019 کو درست قرار دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ نے محکمہ تعلیم میں گریڈ 9 سے 15 کے ٹیچنگ سٹاف کی آسامیوں پر دیا گیا حکم امتناعی ختم کرتے ہوئے آسامیوں پر بھرتی کیخلاف دائر کردہ پٹیشن کو خارج، محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی ریکروٹمنٹ پالیسی 2019 کو درست قرار دیا۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس روزی خان بزنجو پر مشتمل دو رکنی بنچ نے محکمہ تعلیم میں گریڈ 9 سے 15 کی ٹیچنگ آسامیوں پر بھرتی کے خلاف دائر کردہ پٹیشن کے فیصلے میں کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کی بھرتی پالیسی 2019 میں کسی بھی قسم کی بدنیاتی نہیں پائی گئی جبکہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان کو مختلف اقسام کے 64 ہزار ماسک دیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کو مختلف اقسام کے 64 ہزار ماسک دیے گئے، ترجمان این ڈی ایم اے کے مطابق بلوچستان کو دیے گئے حفاظتی سامان میں این 95، کیا این 95، سرجیکل ماسک شامل ہے، صوبوں کو طبی عملہ کے لیے حفاظتی سامان کی 11 ویں کھیپ کی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

عوام بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کیلئے پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں، پی ایم اے بلوچستان کے نومنتخب صدر ڈاکٹر آفتاب کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) پی ایم اے بلوچستان کے نومنتخب صدر ڈاکٹر آفتاب کاکڑ نے 20 جولائی سے شروع ہونے والی پولیو مہم کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹرز، پیرا میڈیکس اور عوام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے والی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں تاکہ انہیں زندگی بھر کی معذوری سے بچایا

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت کے بھیجے گئے قابل تجدید منصوبوں کو نظر انداز کر دیا گیا ہے، اشفاق احمد

مستقبل کا توانائی منصوبہ کسی بھی بین الصوبائی تفرقہ کے بجائے استحکام پر مبنی ہوگا، ڈائریکٹر انرجی بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر انرجی بلوچستان اشفاق احمد نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کے بھیجے گئے قابل تجدید منصوبوں کو نظر انداز کر دیا گیا ہے جبکہ دوسری جانب صوبوں کی جانب سے ان کے طویل المدتی نکلی پیدا کرنے کے صوبوں کو نظر انداز کرنے کی شکایت کے باوجود وفاقی حکومت نے اس بات پر زور دیا کہ مستقبل کا توانائی منصوبہ کسی بھی بین الصوبائی تفرقہ کے بجائے استحکام پر مبنی ہوگا۔ ٹی ٹی وی کے مطابق صوبوں کی جانب سے ان کے طویل المدتی نکلی پیدا کرنے کے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج شام چار بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج شام چار بجے ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج شام چار بجے ہوگا جس میں 14 جولائی کی اسمبلی نشست میں باضابطہ شدہ تحریک التواء پر تحریک مجموعی عام بحث ہوگی جبکہ اپوزیشن کی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

بارڈر بندش سے نہ صرف ہزاروں خاندانوں کی چولہے بجھ رہے ہیں، جمعیت

اے این پی اور بی این پی عوامی اگر بارڈرز نہیں کھلوا سکتے تو اپوزیشن بنچز پر آجائیں دنیا بھر کے اکثر ممالک میں لاک ڈاؤن ختم ہو چکا ہے

بدامنی اور جرائم میں اضافہ کے علاوہ بھوک اور بیماری کے حوالے سے تشویشی صورتحال ہے، پارلیمانی لیڈرز سکھر ایونٹ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان نے پاک افغان چمن اور پاک ایران تفتان بارڈرز کو فوری طور پر کھولنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بارڈر بندش سے نہ صرف ہزاروں خاندانوں کی چولہے بجھ رہے ہیں بلکہ بدامنی اور جرائم میں اضافہ کے علاوہ بھوک اور بیماری کے حوالے سے تشویشی صورتحال ہے جبکہ چمن بارڈر کی بندش سے بھی خرمانے کو اب تک ایک ارب سے زائد کا نقصان پہنچا ہے صوبے کی 80 فیصد آبادی کا معاشی دارومدار

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

کسٹمز کوئٹہ کی مختلف کارروائیوں میں بھاری مقدار میں منشیات برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کسٹمز کوئٹہ کی مختلف کارروائیوں میں بھاری مقدار میں منشیات برآمد تفصیلات کے مطابق کلکٹر عرفان جاوید نے چارج سنبھالنے کے ساتھ اپنی اینٹی اسمگلنگ کارروائیاں مزید تیز کر دیں اسی دوران آئیلی کے مقام پر ٹرک کے خفیہ خانوں سے تلاشی کے دوران 6500 ہزار کلو گرام چھالیہ

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

پاکستان بنیادی طور پر لائیوسٹاک کے لئے ایک اہم اور موزوں ملک ہے، کاکڑ

پاکستان بنیادی طور پر لائیوسٹاک کے لئے ایک اہم اور موزوں ملک ہے جس کی معیشت اور عوام کی غالب اکثریت کے روزگار کا انحصار براہ واسطہ اور بالواسطہ لائیوسٹاک ہی پر ہے

ملکی برآمدات کا نمایاں ترین حصہ بھی لائیوسٹاک سے منسلک ہے۔ زرعی معیشت میں لائیوسٹاک اور ڈیری انتہائی اہمیت کا حامل ہیں، صوبائی وزیر لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ و ماحولیات

کوئٹہ (ش ن) صوبائی وزیر لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ و ماحولیات مصطفیٰ خان کاکڑ نے کہا ہے کہ لائیوسٹاک سیکٹر کی ترقی سے معیاری اور خالص دودھ اور گوشت کی فراہمی ممکن ہے انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان بنیادی طور پر لائیوسٹاک کے لئے ایک اہم اور موزوں ملک ہے جس کی معیشت اور عوام کی غالب اکثریت کے روزگار کا انحصار براہ واسطہ اور بالواسطہ لائیوسٹاک ہی پر ہے اور ملکی برآمدات کا نمایاں ترین حصہ بھی لائیوسٹاک سے منسلک ہے۔ زرعی معیشت میں لائیوسٹاک اور ڈیری انتہائی اہمیت کا حامل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے آفس میں لائیوسٹاک سیکٹر کو فروغ اور ترقی دینے کے حوالے سے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ لائیوسٹاک سیکٹر کی ترقی ملک و قوم کی ترقی اور خوشحالی میں اہم کردار ادا کر سکتی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

حکومت کی مخالف کے باوجود پی ایچ کے چیئرمین قاسم خان سوری نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اضافے پر بحث کی تحریک مسترد کر دی

لاہور ہائیکورٹ میں یہ کیس چل رہا ہے، پی ڈی ایل فائنل مرحلہ میں آچکا ہے اب اس پر بات کرنا فضول ہوگا، وفاقی وزیر عمر ایوب

اسلام آباد (این این آئی) حکومت کی جانب سے قومی اسمبلی میں پیٹرولیم قیمتوں پر بحث کرانے کی مخالفت کے باوجود پی ایچ کے چیئرمین قاسم خان سوری نے بحث کی تحریک مسترد کر دی۔ جمعرات کو پیپلز پارٹی کے رکن نوید قمر نے قیمتوں میں اضافے پر بحث کے لیے تحریک التواء پیش کی۔ وفاقی وزیر عمر ایوب نے تحریک کی مخالفت کر دی۔ سید نوید قمر نے کہا کہ دنیا بھر میں پیٹرول کی قیمتوں میں خاطر خواہ کمی ہوئی، پیٹرول بحران حکومت کی نااہلی اور غفلت سے پیدا ہوا، حکومت نے بروقت پیٹرول نہیں

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

17 جولائی 2020ء

احساس ایمرجنسی کیش پروگرام کا بجٹ بڑھا کر 203 ارب روپے کردیا گیا

پاکستان کے سب سے بڑے سماجی تحفظ کے پروگرام احساس نے کویڈ 19 کے باعث لاک ڈاؤن کے معاشی اثرات کو کم کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، ان غیر معمولی حالات میں احساس ایمرجنسی کیش کی مجموعی کامیابی اور اس کے بڑے پیمانے پر مطالبے کے پیش نظر، حکومت نے ایمرجنسی کیش ٹارگٹ میں توسیع کرتے ہوئے 9.16 ملین مستحق خاندانوں تک رسائی کیلئے 203 ارب روپے کا بجٹ مختص کیا ہے، ابتدائی طور پر جب 9 اپریل 2020 کو اس پروگرام کا آغاز کیا گیا تھا تو 12 ملین مستحقین کیلئے اس کا بجٹ 144 ارب روپے تھا۔ احساس مکمل طور پر ایک شفاف، قواعد وضوابط پر مبنی غیر سیاسی پروگرام ہے، اس پروگرام میں صوبہ سندھ کا حصہ سب سے زیادہ ہے جو اس پروگرام کے غیر سیاسی ہونے کا مظہر ہے۔ احساس کیش کو پسماندہ افراد تک پہنچانے کیلئے گزشتہ سال کے دوران احساس حکمت عملی کے تحت ڈیجیٹل طریقہ کار تشکیل دیا گیا، ایس ایم ایس شارٹ کوڈ سروس کے ذریعہ درخواستیں طلب کی گئیں، اعداد وشمار کے تجزیات، اہل قومی شناختی کارڈ نمبروں کے استعمال اور قومی سماجی اقتصادی رجسٹری اور دولت کی پراکسی (سفر، ٹیکس، اثاثوں کے مالکانہ اعداد وشمار اور سرکاری ملازمت کی حیثیت) اور ادائیگیوں کی بائیومیٹرک تصدیق کی گئی۔ بائیومیٹرک کی تصدیق کے مسائل اور وفات پانے والے اہل مستحقین کے لواحقین کے خاندانوں کو ادائیگیوں کرنا بڑا چیلنج تھا، بائیومیٹرک مشکلات کے باعث مستحق افراد میں ادائیگیوں کو یقینی بنانے کیلئے، احساس نے متبادل طریقہ کار کا حل پیش کیا۔ اب، اس مسئلے والے مستحق افراد کو بائیومیٹرک تصدیق کے بغیر شراکت دار بینکوں کی مخصوص بینک شاخوں میں خصوصی طور پر ادائیگیاں کی جارہی ہیں۔ اسی طرح، وفات پاجانے والے مستحق افراد کے لواحقین کیلئے ادائیگی کے عمل کو آسان بنانے کیلئے ڈاکٹر ثانیہ نے اپیل کا طریقہ کار وضع کردیا ہے، 8 جولائی 2020 کو احساس نے احساس ایمرجنسی کیش پورٹل کا اجراء کیا تاکہ احساس ایمرجنسی کیش کے ساتھ رجسٹرڈ لوگوں کو ان کی اہلیت کو جانچنے کیلئے آسان راستہ میسر کریں، وہ تمام درخواست دہندگان جنہوں نے 8171 یا وزیر اعظم کے لیبر پورٹل کے ذریعے اپنا اندراج کرایا ہے وہ اب پورٹل پر اپنا شناختی کارڈ نمبر درج کر کے آسانی سے اپنی اہلیت کی حیثیت کی جانچ کرسکتے ہیں۔ اگر وہ اہل ہیں تو وہ اپنے قریبی احساس ادائیگی مراکز سے اپنی نقد رقم وصول کرسکتے ہیں، اب تک پورے ملک بھر میں احساس ایمرجنسی کیش کے تحت 1 کروڑ 28 لاکھ 63 ہزار سے زائد محنت کش افراد میں 155 ارب 64 کروڑ روپے سے زائد کی امدادی رقم تقسیم کی جاچکی ہے۔

باقی سب خیر ہے!

کوثر عباس

اور پاناما میں نواز شریف کا نام بھی نہیں ہے تو اس کا جانا اور نااہل ہونا ضروری کیوں ٹھہرا؟ جواب ملتا تھا کہ اگر نواز شریف چلا جائے تو سب ٹھیک ہو جائے گا۔ اب کسی سے پوچھو کہ پہلے تو نواز شریف رکاوٹ تھا۔ اب تو وہ چلا گیا ہے تو کیا پاناما میں موجود لوگوں کا احتساب ہوگیا ہے؟ کیا "سب" کا احتساب ہوگیا ہے؟ قانون کی نظر میں سب برابر ہو گئے ہیں؟ معیشت ٹھیک ہوگئی ہے؟ ڈالر کی قیمت کم ہوگئی ہے؟

دنیا سے سفارتی تعلقات اتنے خراب کیوں ہوئے کہ کشمیر کے معاملے پر سوائے چند ممالک کے پوری دنیا انڈیا کی طرفدار ہوگئی؟ افغانستان آپ پر اعتبار کرنے کو تیار ہوگیا ہے؟ امریکا آپ پر پھول برسانے کو تیار ہے؟ طالبان آپ کے دوست بن گئے ہیں؟ بین الاقوامی برادری میں آپ کی عزت بڑھ گئی ہے؟ کشمیر کا مسئلہ بھی اس وجہ سے خراب تھا کیونکہ نواز شریف مودی کا یار تھا، کیا آپ نے وہاں سال سے لگا ہوا کرفیو ختم کرالیا ہے؟ چینی مافیا کی پشت پناہی اب کون کرتا ہے؟ آٹا مافیا کو پکڑنے سے کس نے روک رکھا ہے؟ اب تو نون لیگ کی حکومت نہیں تو پھر ڈیزل پٹرول کی قیمتیں کون اور کیوں بڑھا رہا ہے؟ کیا ہر روز ہونے والی منی لانڈرنگ رک گئی ہے؟ کیا بیرون ملک پڑے اربوں ڈالر واپس آگئے ہیں؟ کیا پشاور اب میں پشاور میٹرو بن گئی ہے؟ بجلی کی قیمتیں کم ہوگئی ہیں؟ سبز پاسپورٹ کی عزت بحال ہوگئی ہے؟ پہلے تو خاقان عباسی نے اپنی ایئر لائن کی خاطر PIA کا بھٹا بٹھا رکھا تھا اب اسے پوری دنیا میں کس نے بین کرایا ہے؟ بیروزگاری کو بڑھاوا دینے والا اب کون ہے؟ پہلے تو ٹیکس لگا کر نواز شریف جیب بھرتا تھا اب یہ پیسا کس کی جیب میں جارہا ہے؟ تعلیمی بجٹ کو بڑھانے سے اب کس نے روک رکھا ہے؟ کیا ملک میں پرنٹوں کی لعنت ختم ہوگئی ہے؟ بلیئن ٹری لگ گئے؟ ہزاروں ڈیم بن گئے؟ حاکم وقت عدالتوں میں پیش ہورہا ہے؟ سرکاری خرچے پر مشاعرے کیوں ہوئے؟ افطار پارٹیاں سرکاری خرچ سے کیوں ہوئیں؟ اس سے ملتا ہوا کوئی سا بھی سوال کسی سے پوچھیں تو جواب ملتا ہے کہ نواز شریف چلا گیا باقی سب ٹھیک ہے۔

صوبے بھر کے تمام اضلاع میں مستقل بنیادوں پر اتھارٹی کے ناکے قائم کیے جائے گے

ظفر اقبال کہدانی صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان

انٹرویو۔ نور احمد راہی

وطن عزیز پاکستان میں قومی شاہراہوں پر بدترین ٹریفک حادثات نے عوام کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ آئے دن قومی شاہرات پر ٹریفک حادثات سے قیمتی جانیں ضائع ہورہی ہیں تاہم بلوچستان میں نسبتاً صورتحال کنٹرول میں ہیں جس کی ایک بڑی وجہ صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا فعال ترین کردار ہے گذشتہ دو سالوں میں قومی شاہرات پر ٹریفک کے حوالے سے متعدد اصلاحات کی گئی ہیں جس کا سہرا صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی جناب ظفر اقبال کو جاتا ہے

اس وقت صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا نظم ونسق معروف سینئر آفیسر جناب ظفر اقبال کہدانی کے ہاتھ میں ہیں، صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی ظفر اقبال کہدانی کا شمار بلوچستان کے باصلاحیت اور محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے والوں میں ہوتا ہے اس سے قبل ظفر اقبال کہدانی صوبے کے مختلف شہروں میں مختلف انتظامی عہدوں پر فائز رہے ہیں، ظفر اقبال کہدانی انتہائی خدا ترس خوش گفتار نرم مزاج اپنے کاز کے ساتھ مخلص شخصیت کے مالک ہیں، اور اصولوں پر ہرگز سمجھوتہ نہیں کرتے صوبے بھر میں بگڑتے ٹریفک کے نظام اور دیگر معاملات پر ہم نے ظفر اقبال کہدانی صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی سے خصوصی نشست کا اہتمام کیا جس کے دوران انہوں نے ہمارے تیز وتند سوالات کے جوابات انتہائی خندہ پیشانی سے دیئے بات چیت کی ابتداء کرتے ہوئے ظفر اقبال کہدانی نے کہا کہ بحیثیت صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی تعیناتی میرے لیے کسی چیلنج سے کم نہ تھا کیونکہ دوسرے صوبوں کی نسبت یہاں معاملات اور صورتحال کچھ مختلف ہے سب سے پہلے تو یہاں قبائلی نظام آج بھی اپنی مضبوط شکل میں موجود ہے اور صوبے کے اکثر ٹرانسپورٹ مضبوط قبائلی نظام سے منسلک ہیں۔ جنہیں قانون پر عمل درآمد کا پابند بنانا بڑا چیلنج ہے دوسرا یہ کہ صوبے بھر میں مواصلات کا نظام قابل ذکر نہیں اکثر دور دراز علاقوں میں پکی سڑکیں موجود نہیں ٹرانسپورٹرز اور گاڑی مالکان کو قوانین پر عمل پیرا بنانا جوئے شیر لانے کے مترادف ہیں تاہم میں نے ہمیشہ کی طرح اس چیلنج کو قبول کرتے ہوئے جب سے چارج سنبھالا ہے ہم نے اس جانب بھی توجہ دی اور اقدامات بھی اٹھائے کہ اگر ٹرانسپورٹرز اور گاڑی مالکان کو قانون کا پابند بنانا ہے تو انہیں سہولیات بھی دینا ہوگی جو ان کا بنیادی حق ہے لہذا اس حوالے سے بھی میں نے اور میرے ادارے نے کام شروع کیا محکمے نے متعدد اصلاحات کیے گئے ہیں جن کے ثمرات آہستہ آہستہ سامنے آرہے ہیں، تیز رفتاری اور گاڑیوں کی محفوظ حالی کے سوال کے جواب میں ظفر اقبال کہدانی نے کہا کہ شہر میں ٹریفک کا نظام ہو یا صوبہ بھر کی بڑی سڑکوں پر تیز رفتاری سے پیدا ہونے والے مسائل یا پھر پبلک ٹرانسپورٹ کی صورتحال ہم ہر چیز پر توجہ دے رہے ہیں ظفر اقبال کہدانی نے بتایا کہ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ عمر جمالی اور سیکرٹری ٹرانسپورٹ بشیر احمد بنگلوئی کی خصوصی ہدایت پر میں شاہراہوں پر گاڑیوں کی رفتار کو چیک کرنے کے لیے بہت جلد ہم ٹریکر سسٹم متعارف کروا رہے ہیں اس سلسلے میں گزشتہ دنوں میں سیکریٹری ٹرانسپورٹ جناب بشیر احمد بنگلوئی صاحب سے میری میٹنگ بھی ہوئی ہے جس کے نتیجے میں ہم نے دشت روڈ، بی روڈ، مستونگ روڈ، ہزمیل، جبل نور، کچلاک روڈ اور دیگر مقامات پر ناکے بھی قائم کر دیے ہیں جہاں روزانہ کی بنیاد پر ہر قسم کی گاڑیوں کی رفتار، لائسنس، روڈ پرمٹ سواری اٹھانے والی گاڑیوں کے ڈرائیور اور کنڈیکٹر وغیرہ کا چال چلن اور دیگر ضروری لوازمات چیک کیے جاتے ہیں اس موقع پر قانون پر عملدرآمد نہ کرنے والی گاڑیوں کو سزا و جرمانہ بھی کیے جاتے ہیں اور ساتھ ساتھ ان کی اصلاح بھی کی جاتی ہے ظفر اقبال کہدانی نے اس موقع پر بتایا کہ ابھی حال ہی میں گزشتہ ایک ہفتے کے دوران 200 سے زائد گاڑیوں کی مکمل چیکنگ کی گئی اس دوران درجنوں گاڑیوں کو جرمانے کیے گئے متعدد گاڑیوں کے ڈنڈا سیٹ اتارے گئے ڈرائیونگ لائسنس نہ رکھنے والے گاڑیوں کے ڈرائیوروں کو جرمانے کیے گئے، متعدد شناختی کارڈ لیے گئے غیر قانونی لائسنس توڑے گئے درجنوں گاڑیوں کے کاغذات تحویل میں لیے گئے اس دوران ان ناکوں پر پولیس اور لیویز کے جوانوں نے ہمارا بھرپور ساتھ دیا انہوں نے کہا کہ چیکنگ کا یہ سلسلہ جاری رہے گا ایک سوال کے جواب میں ظفر اقبال کہدانی نے بتایا کہ ہمارے پاس اسٹاف نہ ہونے کے برابر ہے اس وقت اتھارٹی کے پاس ٹوٹل اسٹاف کی تعداد 33 ہے جس میں ڈرائیور، چپڑاسی خاکروب وغیرہ بھی شامل ہیں ناکوں پر نفری نہ ہونے کی وجہ سے ہمیں پولیس اور لیویز کی مدد لینا پڑتی ہے جس کے لیے میں ان کا شکر گزار ہوں ابھی حال ہی میں صوبائی وزیر جناب عمر جمالی کی کاوشوں سے اتھارٹی میں 108 نئی بھرتیوں کی منظوری دی گئی جن پر انشاءاللہ جلد قواعد اور ضوابط کے مطابق بھرتیاں ہونگی پھر ہمارے پاس اپنا فورس دستیاب ہوگا جس میں کانسٹیبل ہیڈ کانسٹیبل وغیرہ بھی شامل ہوں گے ایک سوال کے جواب میں ظفر اقبال کہدانی نے کہا کہ حال ہی میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان صوبائی وزیر عمر جمالی اور سیکرٹری ٹرانسپورٹ بشیر احمد بنگلوئی کی خصوصی ہدایت پر صوبے بھر کے تمام اضلاع میں مستقل بنیادوں پر اتھارٹی کے ناکے قائم کیے جائینگے جہاں گاڑیوں اور سواری اٹھانے والی بڑی گاڑیوں کی رفتار روٹ پرمٹ کاغذات۔ ڈرائیوروں کے لائسنس گاڑیوں کی فٹنس وغیرہ چیک کیے جائیں گے ایک سوال کے جواب میں ظفر اقبال کہدانی نے کہا کہ اتھارٹی نے سواریوں کو چیکنگ کے دوران ایس او پیز کے تحت کرونا وائرس کی روک تھام کے لیے اقدامات میں اپنا بھرپور کردار منظم طریقے سے ادا کررہا ہے ٹرانسپورٹروں اور گاڑی مالکان کو ایس او پیز پر عمل درآمد کرایا گیا گاڑیوں سے ڈنڈا سیٹ اتارے گئے آخر میں ظفر اقبال کہدانی نے صوبائی وزیر عمر جمالی اور سیکرٹری ٹرانسپورٹ بشیر احمد بنگلوئی کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہر موقع پر نہ صرف ہماری رہنمائی کی ہے بلکہ بھرپور تعاون بھی کیا ہے

ٹرانسپورٹروں اور گاڑی مالکان کے لیے پیغام میں صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی ظفر اقبال کہدانی نے ٹرانسپورٹروں سے اپیل کی کہ وہ اپنی گاڑیوں میں قوانین کی پابندی کرے تیز رفتاری سے گریز کریں ہر گاڑی کے ساتھ 2 ڈرائیور رکھیں تاکہ دونوں کو آرام مل سکے اکثر واقعات ڈرائیوروں کی غفلت اور نیند نہ پوری ہونے کی وجہ سے پیش آتے ہیں اس کے علاوہ گاڑیوں کی فٹنس کا خاص خیال رکھیں سواریوں سے کرونا وائرس سے متعلق ایس او پیز پر عمل کرائیں اور خود بھی عمل کریں گاڑیوں کے مالکان سے التماس ہے کہ وہ تربیت یافتہ لائسنس یافتہ ڈرائیور رکھیں تاکہ حادثات پر قابو پایا جاسکیں۔

☆☆☆☆

کوئٹہ کا ماسٹر پلان

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت منعقد ہونے والے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں کوئٹہ کی ترقی کے ماسٹر پلان اور صوبے کے 30 دیگر ٹاؤن کی ماسٹر پلاننگ سے متعلق امور کا جائزہ لیتے ہوئے بعض اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی، سیکریٹری محکمہ شہری منصوبہ بندی وترقی کی جانب سے اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ کوئٹہ ماسٹر پلان کی تیاری کے لئے کنسلٹنٹ کی خدمات کے حصول کے لئے جاری ٹینڈرنگ پراسس اس ماہ کی 30 تاریخ تک مکمل کرلیا جائے گا۔ چیف سیکریٹری بلوچستان فضیل اصغر، سیکریٹری محکمہ شہری منصوبہ بندی وترقی خلیق ندرکیانی، سیکریٹری بلدیات سیکریٹری اطلاعات شاہ عرفان فرشین، ڈائریکٹر جنرل کیو ڈی اے صلاح الدین نورزئی اور ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن طارق مینگل نے اجلاس میں شرکت کی، اجلاس میں کوئٹہ شہر میں رہائشی علاقوں میں تجارتی عمارتوں کی تعمیر سے پیدا ہونے والی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا گیا اور اس حوالے سے میٹروپولیٹن کارپوریشن اور کوئٹہ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے متعلقہ قوانین وضوابط میں ترامیم کے لئے قانون سازی کا فیصلہ کیا گیا جبکہ اندرون شہر رہائشی مکانات کی تجارتی پلازوں میں منتقلی پر فوری طور پر پابندی عائد کرنے کی منظوری دی گئی اور اس عمل کو کیو ایم سی اور کیو ڈی اے کے قوانین میں ترمیم اور ان اداروں کی جانب سے این او سی کے اجراء کے ساتھ ساتھ شہر کی لینڈ زوننگ کی تشکیل سے مشروط کرنے کا فیصلہ کیا گیا، اجلاس میں کوئٹہ بیچ کے تحت تعمیر ہونے والی نئی سڑکوں جن میں سریاب، قمبرانی، نواں کلی، سبزل، ریڈیو پاکستان، نواں کلی بائی پاس، ہزار، جوائنٹ روڈ، پرنس روڈ اور پنجل روڈ شامل ہیں پر نئی تعمیرات پر فوری طور پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو پابندی پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی، اس ضمن میں سیکریٹری بلدیات کی سربراہی میں کمیٹی بھی تشکیل دی گئی جو نئی سڑکوں کی لینڈ زوننگ کرتے ہوئے تجارتی عمارتوں کی تعمیر کے لئے قواعد وضوابط مرتب کرے گی، اجلاس میں کوئٹہ شہر میں بلڈنگ کوڈ پر عملدرآمد کی خلاف ورزی کرتے ہوئے تجارتی عمارتوں اور پلازوں کی تعمیر کا بھی سختی سے نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ایسی عمارتوں کے خلاف کارروائی کرنے کی ہدایت کی گئی۔۔

تازہ ترین خبر یہ ہے کہ شہر کی تنگ شاہراہیں، تجاوزات کی بھرمار، رہائشی گلیوں میں مارکیٹس پلازے اور دکانوں کی تعمیر، ریڑھی اور پارکنگ مافیا کا شاہراہوں پر قبضہ، ناتجربہ کار رکشہ ڈرائیور، انتظامیہ خاموش، ناقص ترین منصوبہ بندی، حکمرانوں اعلیٰ افسران اور تحقیقاتی اداروں کی مجرمانہ خاموشی نے اس شہر کو تباہی وبربادی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ (لاوارث کوئٹہ) شہر کی شاہراہیں تنگ ہونے کے ساتھ ساتھ شہر بھر میں تجاوزات کی بھرمار نے شہر کا حلیہ بگاڑ کے رکھ دیا ہے، شاہراہیں اتنی تنگ ہیں کہ سڑک پہ اگر ایک گاڑی جاری ہو تو دوسری گاڑی اسے کراس نہیں کرسکتی اور ان تنگ شاہراہوں پر تجاوزات کا یہ عالم ہے کہ دکان مارکیٹ پلازہ کے باہر 10 سے 15 فٹ تک سامان بکھرا پڑا ہوتا ہے۔ جو تھوڑی بہت گنجائش سڑک پر بچتی ہے تو اس پر ریڑھی مافیا نے اپنا راج بنا رکھا ہے (لاوارث کوئٹہ)، پورے شہر کے پرائیویٹ ہسپتال پلازہ اور مارکیٹس میں کہیں بھی پارکنگ کا بندوبست نہیں۔ انہیں بغیر پارکنگ کے پلازہ ہسپتال اور شاپنگ سینٹر کی تعمیر کی اجازت کس نے دی؟ ہے کوئی پوچھنے والا؟ ہے کوئی نوٹس لینے والا؟؟ ہے کوئی اس شہر میں قانون کا رکھوالا؟؟؟ شہر کی شاہراہوں پر ریڑھی مافیا نے اپنے باپ کا راج بنا رکھا ہے جس ریڑھی والے کا شہر کی جس شاہراہ پہ جہاں بھی دل کرتا ہے وہ وہاں اپنی ریڑھی لگا لیتا ہے، جس کی وجہ سے شہر بھر کی ٹریفک کے نظام میں خلل پڑتا ہے، اس مافیا کو شاہراہوں سے ہٹانے والا اور انہیں کسی مخصوص مقام پہ منتقل کیوں نہیں کیا جاتا؟؟ پورے شہر کی رہائشی گلیوں میں گھروں کے سامنے دکانیں پلازے اور مارکیٹس تعمیر کی جارہی ہیں جس کی وجہ سے رہائشیوں کی زندگیاں اجیرن بن کے رہ گئی ہیں، ہے کوئی اس غیر قانونی تعمیر کو روکنے والا؟؟؟ کمشنر، ڈپٹی کمشنر کیو ڈی اے اور دیگر ادارے اندھے ہیں کیا؟؟ کیا انہیں یہ غیر قانونی عمل نظر نہیں آتا؟؟؟ اگر سب کچھ دیکھتے ہوئے بھی آپ خاموش ہیں تو اس کا یہ مطلب ہے کہ یہ تمام غیر قانونی تعمیرات آپ کی نگرانی اور آپ کی ملی بھگت سے ہورہے ہیں،؟؟؟ اور اگر آپ کی ملی بھگت نہیں تو کیوں اس غیر قانونی تعمیر کو روکا نہیں جاتا؟؟؟ شہر کی ناقص منصوبہ بندی نے اس شہر کو تباہ کرکے رکھ دیا ہے؟ اور کہاں ہیں تحقیقاتی ادارے؟؟؟ پچھلے 10 سال میں کوئٹہ شہر میں کیا ترقی ہوئی؟ شہر کے ترقیاتی فنڈ کہاں خرچ کیے گئے؟؟

ڈاکٹر طاہرہ رباب، ممتاز مذہبی اسکالر، روحانی شخصیت اور شاعرہ

یہ تعارف ایک ایسی روحانی شخصیت کا ہے جو بچپن سے ہی ایک نادیدہ قوت کے عشق میں محصور رہیں اسی کی تلاش انہیں ہر طور رہی رات بھر عبادات سے اس کی خوشنودی کے حصول میں کوشاں رہیں کیونکہ حقیقت سے آگاہی نے انہیں بے چین کیے رکھا تھا۔ بچپن سے ہی اس کی نادیدہ ذات سے عشق کسی موجود حقیقت کی طرح روبرو کرنے لگا اور اس کی پہچان وقربت، مذہب کی راہ سے ہی پانے کی طریقت نے مذہب کے راستے کو ہی ان کی ترجیحات قرار دے دیا۔ اور ساتھ ساتھ اس کی خوبصورت کائنات کو جاننے اور لطف اندوز ہونے کی لگن وترجیح بھی ترجیحات اولین میں قرار پائی۔ طہارت وپاکیزگی جنون کی حد تک مقدم تھی۔ ذکر وتصادا اور پھر تعلیم وتحقیقت، مذہب کی طلب سے مذہب کے مطالعہ اور تقاریر نے علوم کی بہرہ وری اور ادراک، خالق کل عطا کیا اور اس ذات اقدس نے اپنے وجود کی روشنی سے ذہن وقلب کو منور فرمادیا۔ خالق وہست وبود نے ظلمتوں کے مقاصد ووجوہ کے غیبی ادراک سے آراستہ فرمادیا اور پھر اسے لکھ کر کائنات میں پھیلانے اور اپنی آواز میں خاص وعام تک پہنچانے کی ذمہ داری سونپ دی تاکہ توفیق ربانی سے کچھ طلبین عاشقان حق وطلب گاران، حقیقت بیداری حاصل کرسکیں اور نجات پا جائیں۔ لہذا ان کی شاعری ان کے سفر حقیقت اور عشق حقیقی کی وارفتگی اور اس میں پوشیدہ پیغام الٰہی کے مشن کا نتیجہ ہے جسے پڑھ کر کئی نفسیوں کے دھنی اور معرفت کے جہان کے راہی اپنی منزل کی آگہی سے مستفیض ہوسکیں گے اور عام قفس وجود کے قیدی اس شاعری کو سمجھنے سے قطعاً "بے خبر" ہی رہیں گے اور شناسائی کے مضطرب ومتحمل وجود، شناخت وکنز مخفی پاسکیں گے۔ جیسے کہ شوہر اور بچوں کی جدائی کے بعد تڑپتے ہوئے سجدہ سے سر اٹھانے پر روبرو کئی شیشے کی "یا حی ویا قیوم" کی پینٹنگ ان سے مسکراتے ہوئے جانے کیا کہنا چاہ رہی تھی، کہ وہ تڑپ کر اس تصویر کو جو کہ اسم محبوب تھی، اس سے ہم کلام ہوئیں کہ

پتھر کا تو اک بت اور میں اک جان مسلماں۔
پوجوں گی تجھے یوں ہی تو ہو جاؤں گی کافر
کچھ بول میرے ساتھ کہ یزداں تجھے مانوں
توئی دیا قیوم ہے یہ کیسے میں جانوں
وہ بولا نہ ضد کر کہ
میں ہوں عشق دبستہ
اور جان میں تیری بھی تو ہوں میں ہی پیوستہ
خود کو جو تو چاہے گی تو چاہ لے گی مجھے ہی
خود کو جو تو پالے گی تو پالے گی مجھے ہی
یہ بات جو سمجھی تو پھڑک اٹھی رباب
اک جھٹکے سے تب اس کے کھلے سارے حجاب

ڈاکٹر طاہرہ رباب صاحبہ کی شاعری خدا، کتاب خدا، کائنات خدا کی تشریحات کو خود میں سمیٹے ہوئے ہے۔ اشعار اس جمیل وحقیقی کے گرد طواف کرتے ہیں جو خود حسین ہے اور حسن وجمال کو پسند

خواب اور خیال/آغا نیاز مگسی

فرماتا ہے خود کہتا ہے کہ (اللہ جمیل وحب الجمال) اور انہیں خود بھی ان حسین موجودات سے اسی طرح ہی عشق ہے جو ان کے محبوب کی خود اپنی پسند ہے۔ خوبصورت بننا، خوبصورت رہنا خوبصورت دکھنا خوبصورت سوچنا خوبصورت وخوبصورتی کو سمجھنا، خوبصورت بولنا یعنی گفتگو کرنا جو جھوٹ وافوایات و غلاظت سے پاک ہو، پاکیزہ اعمال سے منسلک رہ کر اپنے خالق جو جمیل وحقیقی ہے اس سے منسوب رہنا، قرب پائے ہوئے رہنا، بس یہی ان کا مدعا وحیات ہے۔ وہ حسین اور خوشبودار زندگی کو عشق کرتی ہیں کیونکہ وہ اسے پاکر وصال ذات پالیتی ہیں اور پھر ملنے درد وصال کی لذت سے سرشار ہو کر خوب روتی ہیں اور خوشحال ہوجاتی ہیں۔

وہ کہتی ہیں کہ

میں بچپن میں دعائیں کرتی رہتی تھی کہ اے اللہ مجھے وقت کا ولی وقلندر بنادے مگر مٹی میں لتھڑا ہوا اور بدبو دار نہیں بلکہ سفک میں لپٹا اور خوشبوؤں میں مہکتا ہوا اور بس یہی اس نے مجھے دے دیا

ڈاکٹر صاحبہ کا کہنا ہے کہ ذات وٹس کی پاکیزگی روح کی قوت، بالیدہ کی وسعت واستحکام کا سبب ہوا کرتی ہے۔ لہذا سوچ وفکر اور پاکیزگی، اعمال دوسروں کی عزت ٹس کی تحریم آپ کی وہ طہارت کہلاتی ہے جس سے آپ اپنے قلب میں پوشیدہ کتاب مکنون کو پڑھ سکنے کے اہل ہوجاتے ہیں۔ اور پھر علوم، بکران بحر بیکراں کی مانند آپ کی ذات سے پھوٹنے، ابھرنے اور بکھرنے لگتے ہیں اور یہی ان کی شاعری کا مطلب ومقصد ہے جو خود میں آیات قرآنی کی تفسیر اور روشن پیغام چھپائے ہوئے ہے۔ وہ اپنی ذات سے اس کے وجود کی موجودگی کا اظہار کچھ اس طرح سے کرتی ہیں۔

یہ بجلیوں کا سراپا سجائے بیٹھے ہیں
تیرا وجود جو خود میں سمائے بیٹھے ہیں
تو بے خبر تو نہ تھا اپنے ہی کمالوں سے
تو کیوں یہ حیرت کن ہم اٹھائے بیٹھے ہیں
یا پھر
کون کہتا ہے کہ میں خاک کی اک چٹکی ہوں
میں نفخت من روحی کو بھی لے نکلی ہوں
ارتقائی کو سجائی ہے میری بزم حیات
میں بھی تسخیر دو عالم کے لیئے نکلی ہوں۔
قصہ عشق سے مجھکو نہ ذرا جانا ہیں
میں تو معراج کے منظر کی حسین بجلی ہوں
مجھ کو آغاز سے انجام کا ادراک ملا
تبھی قوسین کے جلووں سے بہت چھلی ہوں
کس کو اب ذرہ زمانے کے بگڑنے کا رباب
میں تو تشہیر قرابت کے لیئے مچلی ہوں

معرفت اور تصوف کی راہ کی یہ مسافر 18 اگست 1951 کو پاکستان کے شہر رسالپور میں پیدا ہوئیں جبکہ ان کے فوجی والد کا تبادلہ اس وقت رسالپور کی چھاؤنی میں تھا ان کا نام طاہرہ رباب رکھا گیا ان کے والد صاحب کا نام غلام محمد جعفری اور والدہ محترمہ کا نام عنایت بیگم ہے۔ یہ اپنے والدین کی اولاد میں سے 9 بہن بھائی تھے۔ جن میں سے ایک بھائی جو دوسرے نمبر پر تھے اور ایک بہن جو سب سے چھوٹی تھیں ان دونوں کا انتقال ہوچکا ہے۔ ابھی یہ چار بھائی اور تین بہنیں موجود ہیں۔

طاہرہ رباب صاحبہ اپنے والد کی اولاد میں سے تیسرے نمبر پر پہلی لاڈلی بیٹی ہیں۔ انہوں نے اپنی ابتدائی تعلیم سے لے کر گریجویشن تک لاہور پاکستان میں ہی علم حاصل کیا۔ 1970 میں والدین کی مرضی سے 18 سال کی عمر میں ان کی شادی گرائک ڈیز ڈاکٹر محمد الیاس صاحب سے ہوئی جس کے بعد وہ اپنے شوہر کے نام کی نسبت سے اپنا نام طاہرہ رباب الیاس کہلانے لگیں۔ 1976 میں شوہر کے اپنی تمنائے وسعت تعلیم بطور ڈیز ڈائکٹر آنے مگر وسائل کی کمی کے تحت تلاش معاش کے سلسلے میں اپنے شوہر محترم کے ہمراہ جرمنی منتقل ہوگئیں جو کہ 44 سال سے وہیں پر مقیم ہیں۔ اس دوران انہوں نے ابوظہبی کے ممتاز علمائے دین سید ذیشان حیدر جوادی محقق اور منفسر ابوظہبی یونیورسٹی اور سید فیروز حیدر عابدی صاحب کے ہاتھوں ڈاکٹریٹ اور روحانیت کی سند وصول پائی جبکہ ابھی بھی وہ مزید ڈگری کی تگ ودو میں آن لائن مصروف کار ہیں۔

ڈاکٹر طاہرہ رباب صاحبہ بچپن سے ہی تقریباً "7 سال کی عمر میں لاشعوری طور پر عشق الٰہی اور شاعری کی طرف راغب ہوگئیں۔ چوں کہ وہ روحانیت کے درجے پر فائز ہیں ان کی بہت سی باتیں ہم جیسے عام لوگوں کی سمجھ سے بالاتر ہوتی ہیں۔ شاعری میں استاد کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ شاعری میں خود خدا تعالیٰ ان کے استاد ہیں اور عشق میں خدا تعالیٰ ان کے محبوب ہیں۔ کیونکہ اصل روحانیت کے لیئے آپ کو دنیا کے استاد نہیں ذات سے ذات کا رابطہ ہی علوم حقیقی سے بہرہ وری دیتا ہے اور تب دنیا کے تعلیم یافتہ لاجواب ہو کر ماننے پہ مجبور نظر آتے ہیں۔ وہ فرماتی ہیں کہ آپ بھی کسی فرستادہ، الٰہی یا عارف وعاشق، حقیقی کو کسی استاد سے سیکھتے اور کسی مدرسے میں بیٹھے نہیں دیکھیں گے، بلکہ وہ آپ کو الٰہی اسرار ورموز سے بہرہ وری دیتے دکھائی دیں گے قطع نظر اس کے کہ کوئی انہیں فی الوقت مان رہا ہے یا نہیں۔ یوں بے خبر انہیں رد کرتے اور صاحبان معرفت انہیں تسلیم کرتے دکھائی دیں گے۔

ڈاکٹر صاحبہ کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے 2 خوب صورت بیٹوں رضا الیاس اور ذیشان الیاس کی نعمتوں سے نوازا ہے۔ طاہرہ رباب صاحبہ اردو، پنجابی، ہندی، انگریزی اور جرمن سمیت 5 زبانیں بولتی ہیں۔ جرمنی میں وہ جرمن گورنمنٹ کی سرکاری ترجمان برائے کریمنل پولیس اور جرمن انٹرپول کے عہدے پر بھی فائز ہیں۔ ڈاکٹر صاحبہ کی اب تک 5 کتابیں شایع ہوچکی ہیں جن میں 2004 سے 2019 تک کے درمیان ان کی شاعری کی 4 کتابیں شایع ہوئی ہیں ان میں شاعری کی پہلی کتاب "رب سے رباب لمحہ بہ لمحہ" اور اس کی دوسری جلد بھی شایع ہوئی جبکہ تیسری "از مکاں تا لامکاں" اور چوتھا شعری مجموعہ "رزم گاہ شعور" ہے۔ 2019 میں ان کی نثری کتاب "سرکتاب وفکر رباب" ملیگرہ بھارت سے شایع ہوئی جو کہ ان کے ایک عقیدت مند پروفیسر ڈاکٹر رضا عباس نے اپنے خرچے سے ان کے لیئے شایع کرائی جس کو پروفیسر ڈاکٹر رضا عباس صاحب اپنے لیئے اعزاز سمجھتے ہیں جبکہ خود ط

شال بقیہ 1

تمام صوبوں کے گورنر صاحبان کے ساتھ باقاعدہ ویڈیو کانفرنس کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا کہ صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے جان لیوا کرونا وائرس سے بچاؤ کیلئے ملک بھر کے علماء ومشائخ سے مسلسل رابطے اور مشاورت کے نتیجے میں کامیاب حکمت عملی بنانے کی ایک نئی مثال قائم کی اور اس ضمن میں انکی یہ مخلصانہ کاوشیں لائق تحسین ہیں۔ بلوچستان سے گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی علامہ شیخ جعفر اسدی اور علامہ سید ہاشم موسوی کے علاوہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حافظ عبدالباسط اور صوبائی سیکرٹری بالاچ عزیز بھی شریک تھے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہمیں آنے والے محرم کے مہینے میں جلوس اور مجالس کے دوران بھی کرونا وائرس کی حساسیت کو سنجیدگی سے لینے اور حفظان صحت کے تمام اصولوں کو سختی سے اپنانے کی اشد ضرورت ہے۔ آخر میں گورنر بلوچستان اور علماء اکرام نے کرونا وائرس سے بچاؤ کیلئے خصوصی دعا کی۔ دریں اثناء گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، عالمی وبا سے بچاؤ کے حوالے سے اٹھائے گئے اقدامات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر یاسین زئی نے کہا کہ سردست وفاق اور صوبوں کے درمیان خوشگوار تعلقات قائم ہیں اور بین الصوبائی ہم آہنگی کو فروغ دینے اور باہمی تعلقات کو مضبوط اور مستحکم بنانے کیلئے مزید اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے۔ گورنر یاسین زئی نے کہا کہ اگر پنجاب کے یونیورسٹیوں اور کالجوں میں بلوچستان کے طلباء و طالبات کیلئے سیٹوں میں اضافہ کیا جائے تو اس سے ہمیں اپنی نوجوان نسل کے اذہان کو جدید تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے میں مدد ملے گی جس پر وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کا یقین دہانی کرائی۔ دونوں رہنماؤں نے صوبوں کے درمیان تعلقات کو مزید خوشگوار بنانے کے ساتھ ساتھ عوام کا عوام سے رابطوں کو فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔

شال بقیہ 2

میر ضیاء لانگو، میر شہور بلیدی، محمد خان لہڑی، پارلیمانی سیکرٹری ماہ جبین شیران اور بشریٰ رند بھی اس موقع پر موجود تھیں، وفد کی جانب سے ضلع پشین میں بڑے پیمانے پر مختلف شعبوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر وزیراعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا گیا کہ یہ پہلی صوبائی حکومت ہے جس نے سیاسی اور دیگر وابستگیوں سے بالاتر ہو کر ضلع پشین میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا ہے، وزیراعلیٰ نے ڈسٹرکٹ ہسپتال کا دورہ کیا جہاں انہیں ڈی ایچ او اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کی جانب سے ہسپتال کے مسائل سے آگاہ کیا گیا، وزیراعلیٰ نے اس موقع پر ہسپتال کے لئے ٹیوب ویل کی فراہمی، طبی عملہ کی خالی اسامیوں کو پر کرنے ایکو مشین کی فراہمی، ہسپتال میں آئی سی یو کے قیام کے منصوبے کا پی سی ون تیار کرنے کی ہدایت کی، وزیراعلیٰ نے زیر تعمیر بزنس کمپلیکس اور بس اڈے کا بھی معائنہ کیا اور منصوبے کی جلد تکمیل کی ہدایت کی، وزیراعلیٰ نے پشین بائی پاس کے معائنہ کے موقع پر اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور گرلز اسکول کے لئے اوور ہیڈ بریج کی تعمیر منصوبے میں شامل کرنے کی ہدایت کی، وزیراعلیٰ نے زیر تعمیر لاء کالج کی عمارت کا معائنہ بھی کیا، انہوں نے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر کے دفتر کی پرانی عمارت کو ورثہ کے طور پر محفوظ کرنے اور عمارت میں لاء کالج کی لائبریری کے قیام کی ہدایت کی، وزیراعلیٰ نے زیر تعمیر یارو پشین دورویہ روڈ کا معائنہ بھی جہاں انہیں سیکرٹری مواصلات کی جانب سے منصوبے کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے آگاہ کیا گیا کہ منصوبہ ایک ماہ کے اندر مکمل کرلیا جائے گا، وزیراعلیٰ نے دورویہ سڑک کے کناروں پر شجرکاری کرنے کی ہدایت کی۔

شال بقیہ 3

بڑے پیمانے پر مطالبے کے پیش نظر حکومت نے ایمرجنسی کیش ٹارگٹ میں توسیع کرتے ہوئے 9.16 ملین مستحق خاندانوں تک رسائی کیلئے 203 ارب روپے کا بجٹ مختص کیا ہے، ابتدائی طور پر جب 9 اپریل 2020 کو اس پروگرام کا آغاز کیا گیا تھا تو 12 ملین مستحقین کیلئے اس کا بجٹ 144 ارب روپے تھا۔ وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے سماجی تحفظ وتخفیف غربت ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ احساس مکمل طور پر ایک شفاف، قواعد وضوابط پر مبنی غیر سیاسی پروگرام ہے، اس پروگرام میں صوبہ سندھ کا حصہ سب سے زیادہ ہے جو اس پروگرام کے غیر سیاسی ہونے کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ احساس کیش کو پسماندہ افراد تک پہنچانے کیلئے گزشتہ سال کے دوران احساس حکمت عملی کے تحت ڈیجیٹل طریقہ کار متعارف کیا گیا، ایس ایم ایس شارٹ کوڈ سروس کے ذریعہ درخواستیں طلب کی گئیں، اعداد وشمار کے تجزیات، اہل قومی شناختی کارڈ نمبروں کے استعمال اور قومی سماجی اقتصادی رجسٹری اور دولت کی پراکسی (سٹر، ٹیکس، اثاثوں کے مالکانہ اعداد وشمار اور سرکاری ملازمت کی حیثیت) اور ادائیگیوں کی بائیومیٹرک تصدیق کی گئی۔ بائیومیٹرک کی تصدیق کے مسائل اور وفات پانے والے اہل مستحقین کے لواحقین کے خاندانوں کو ادائیگیوں کرنا بڑا چیلنج تھا، بائیومیٹرک مشکلات کے باعث مستحق افراد میں ادائیگیوں کو یقینی بنانے کیلئے، احساس نے متبادل طریقہ کار کا حل پیش کیا۔ اب اس مسئلے والے مستحق افراد کو بائیومیٹرک تصدیق کے بغیر شراکت وار بینکوں کی مخصوص بینک شاخوں میں خصوصی طور پر ادائیگیاں کی جارہی ہیں۔

شال بقیہ 4

لیے سخت مانیٹرنگ کی جائے گی۔ ڈیولپمنٹ پیشرفت کی نگرانی کے لیے موثر میکانزم تشکیل دے دی گئی ہے۔ وزیر داخلہ نے منصوبوں کی سخت مانیٹرنگ کے میکانزم پر مزید وعن عملدرآمد کرانے کیلئے متعلقہ حکام کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں سمیت ڈیولپمنٹ پیشرفت پر ہونے والی پیش رفت سے روزانہ کی بنیاد پر آگاہ کیا جائے، صوبے بھر میں فلاح عامہ کے پروجیکٹس کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جائے اور ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی کام کی کوالٹی پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا۔

شال بقیہ 5

پنجاب کے مشکور ہیں کہ جب بھی ہم پنجاب جاتے ہیں وہ انتہائی گرم جوشی کے ساتھ ہمیں خوش آمدید کہتے ہیں اور بلوچستان کے دوروں کے دوران اور پنجاب میں ہونے والی ملاقاتوں کے موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب نے بلوچستان کی ترقی کے لئے جن منصوبوں کا اعلان کیا ہے وہ ہمارے لئے خوشی کا باعث ہیں بلوچستان کے عوام ان کے صوبے کی ترقی کی سوچ رکھنے اور عملی اقدامات کرنے پر وزیراعلیٰ پنجاب کے مشکور ہیں اور ان کے بلوچستان کے لئے ہمدردانہ جذبات کو یہاں کے عوام قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، وزیراعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ اور کوئٹہ کے قریبی اضلاع میں حکومتی سربراہوں کا آنا رہتا ہے لیکن بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے دورے اور دورہ تربت کے دوران وہاں میڈیکل انسٹیٹیوٹ کے قیام کے اعلان پر بھی ہم آپ کے شکر گزار ہیں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب اپنے دورہ بلوچستان کے دوران نہ صرف لوگوں کی دعائیں اپنے ساتھ لے کر جائیں گے بلکہ مختلف علاقوں کے عوام سے ملاقاتوں کے دوران انہیں صوبے کے بارے میں مزید جاننے کا موقع بھی ملے گا۔

شال بقیہ 6

تھیٹنگ کوآرڈینیشن کی میٹنگ تھی، ملک کے نامور بلڈرز بھی اجلاس میں شریک ہوئے، اجلاس کا مقصد کنسٹرکشن انڈسٹری کو درپیش مشکلات کا جائزہ لینا تھا، سرمز سیکٹر کے حکام بھی اجلاس میں شریک ہوئے، اجلاس میں کنسٹرکشن سیکٹر کے حوالے سے اچھی تجاویز سامنے آئیں، کنسٹرکشن کے حوالے سے روڈ شوز کی تجویز بھی سامنے آئی، اجلاس میں ٹیکس سے لے کر تمام امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی کنسٹرکشن انڈسٹری کو اٹھانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ کورونا کے باعث ہمارے لوگوں کو وہ تکالیف نہیں دیکھنی پڑیں جو دیگر ملکوں نے دیکھیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ کورونا کی وباء کے باعث حکومت عوام کو مشکلات سے بچانے کیلئے پرعزم رہی، معیشت کے اثرات درمیانے طبقے یا غریب لوگوں پر زیادہ پڑتے ہیں۔

شال بقیہ 7

ہے اسی طرح صوبائی حکومت نے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار لائیو اسٹاک شعبے کو حالیہ بجٹ میں حقیقی معنوں میں ترجیح دی جس سے صوبے میں ڈیری سیکٹر کو فروغ اور خالص دودھ کی فراہمی ہے دودھ اور گوشت کی پیداوار بڑھا کر پرائیویٹ سیکٹر کو فروغ دینا ہے تاکہ ہمارے صوبے کے لوگوں میں لائیو سٹاک کی اہمیت اجاگر ہو سکے اور وہ اس طرف توجہ دیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان میں لائیو سٹاک کی مصنوعات اور اس کی ویلیو ایڈڈ مصنوعات کی برآمدات کے لئے بے پناہ مواقع موجود ہیں۔ لائیو سٹاک کی ترقی سے جہاں غربت میں کمی آسکتی ہے وہیں عوام الناس کو معیاری اور خالص دودھ اور گوشت کی فراہمی بھی ممکن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم لائیو سٹاک اور ڈیری سیکٹر کو جدید خطوط پر استوار کریں تو یقینی طور پر یہاں ایک سفید انقلاب برپا ہو سکتا ہے جو وطن عزیز پاکستان اور قوم کی خوشحالی سے ہمکنار کرا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان لائیو سٹاک اور گلہ بانی کے لیے بہت موزوں صوبہ ہے جس میں لاتعداد چراگاہیں ہیں جو لائیو سٹاک شعبے کے لیے بہت اہم ہے۔

شال بقیہ 8

عقیدت پیش کرتے ہوئے حملے میں تین جوانوں کی شہادت اور جوانوں کے زخمی ہونے کے واقعے پر شدید دکھ اور افسوس ہوا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بلوچستان کی پرامن حالات خراب کرنے کے پیچھے بھارت کی خفیہ ایجنسی "را" کا ہاتھ ہو سکتا ہے جس کی ہم سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ازلی دشمن بھارت کے ایجنٹ اور بھارت کے خفیہ ادارے پاکستان کو کمزور کرنے کے مذموم مقاصد میں ان شاء اللہ کبھی بھی کامیاب نہیں ہو سکیں گے ہمیں اپنی سیکورٹی فورسز کے جوانوں کی بہادری اور جذبہ حب الوطنی پر مکمل بھروسہ اور فخر ہے اس طرح کی بزدلانہ کارروائیوں سے ہمارے جوانوں کے حوصلے کبھی بھی پست نہیں ہوں گے انہوں نے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا ہے کہ اس وقت پوری دنیا کورونا وائرس کی عالمی وباء سے نمٹنے اور محفوظ ہونے کے لیئے اپنی بقاء کی جنگ لڑ رہی ہے مگر پاکستان کے دشمن ایسے حالات میں بھی اپنی فطرت کے مطابق دہشت گرد کارروائیوں سے باز نہیں آتے ہے انہوں نے کہا کہ فتح ان شاء اللہ ہمیشہ حق اور سچ کی ہوگی پاکستان سیکورٹی فورسز کے جوان اپنے ملک کے دفاع کی جنگ لڑ رہے ہیں جن کو پاکستانی قوم کی مکمل تائید وحمایت حاصل ہے۔

شال بقیہ 9

جھوٹ سہنا نہیں دیکھا جاتا۔ ڈاکٹر عامر لیاقت نے لکھا کہ انہوں نے وزیراعظم سے وقت مانگا ہے اور وہ مل کر انہیں استعفیٰ پیش کریں گے۔ اس حوالے سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر عامر لیاقت نے کہا کہ کراچی کے حالات دیکھیں آج پھر سے وہی حالات ہیں، کئی علاقوں میں 24 گھنٹوں سے بجلی نہیں ہے، کراچی کے مختلف علاقوں میں وہی 17-18 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ہے، کراچی شہر کے لوگ شدید غصے میں آجائیں تو کیا ہو سکتا ہے، اگلا سارا ہفتہ بارشوں کا ہے، کرنٹ لگنے سے پہلے لوگ مر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقامی قیادت مجھ سے ملتے نہیں ہیں یا وہ مجھ سے ملنا نہیں چاہتے۔ اس وقت میں بے بس بھی ہوں اور اکیلا بھی ہوں، آپ نے میرا ایم کیو ایم میں دور دیکھا ہے ایم کیو ایم میرے بغیر چلتی نہیں تھی۔ ڈاکٹر عامر لیاقت نے کہا کہ وزیراعظم سے ہی ساری امیدیں ہیں اور کسی سے نہیں، میں عمران خان کو ہی دیکھ کر پارٹی میں گیا تھا، عمران خان میرے لیڈر ہیں ان سے ملوں گا، انہوں نے کہا کہ امید ہے شاید وزیر اعظم میری بات کو سمجھیں گے۔ میں وزیراعظم سے مل نہیں پا رہا ہو سکتا ہے ملاقات کے بعد حالات بہتر ہو جائیں۔ ڈاکٹر عامر لیاقت نے کہا کہ وزیر اعظم کی دی ہوئی نشست ان کو شکریہ کیساتھ واپس کر دوں گا۔

شال بقیہ 10

شوکت علی نے بتایا کہ ملک کے تمام اضلاع میں ریجنل پاسپورٹ کے دفاتر موجود ہیں، نئے بننے والے اضلاع میں اب ریجنل دفاتر بنا رہے ہیں، ایگزیکٹو پاسپورٹ دفاتر نادرا کے تعاون سے بنائے جاتے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے سید نوید قمر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے سوالات کے جوابات پر شرمندگی ہو رہی ہے، یہ کہا جا رہا ہے کہ پنجاب کے لوگ نازک ہیں اور باقی صوبوں کے لوگ بچے کچے ہیں، حیدرآباد پاکستان سے پہلے کا ڈسٹرکٹ ہے تاہم وہاں ابھی تک ایگزیکٹو پاسپورٹ آفس نہیں بنا۔ سید نوید قمر نے کہا کہ ایگزیکٹو دفاتر ان علاقوں میں بنائے گئے ہیں جہاں انہوں نے اپنے لوگوں کو فائدہ پہنچانا ہے۔ بابر اعوان نے کہا کہ ایگزیکٹو دفاتر کا قیام ہی امتیازی ہے جو عمران خان کے بنیادی فلسفے کے خلاف ہے۔

شال بقیہ 11

قیام امن کیلئے سکیورٹی اداروں کی خدمات قابل تحسین ہیں یہ بات انہوں نے ملاقات کرنے والے قبائلی عمائدین سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومتیں قابل قدر اقدامات کر رہی ہے۔ قبائلی تنازعات کے پرامن حل کیلئے کوشاں ہیں۔ یہاں باہمی تعلقات کے فروغ کیلئے آتے ہیں بلوچستان سے تجارتی تعلقات کو عروج پر لے کر جانا چاہتے ہیں۔ بلوچستان کے کاشتکاروں کی سہولت کیلئے ڈیرہ غازی خان میں سٹیٹ آف دی آرٹ سبزی منڈی بنائینگے۔ ڈیرہ غازی خان میں سبزی اور پھلوں کو محفوظ کرنے کیلئے کولڈ سٹوریج بھی بنایا جائے گا۔

شال بقیہ 12

فیصد بنتی ہیں۔ بتایا گیا کہ صدر مملکت نے وفاقی محتسب کے 90 فیصد فیصلوں کو برقرار رکھا، 2019ء کو آگاہی کے سال کے طور پر منایا گیا۔ بریفنگ کے مطابق الیکٹرانک، پرنٹ اور سوشل میڈیا کے ذریعے جامع آگاہی مہم چلائی گئی۔ بریفنگ کے مطابق اس مہم کے باعث بلوچستان جنوبی پنجاب اور ایبٹ آباد سے کیسز کے اندراج کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا۔ بریفنگ کے مطابق بلوچستان بہاولپور، ملتان، لاہور، پشاور اور ایبٹ آباد کے دور دراز علاقوں اور مختلف یونیورسٹیوں میں سیمینارز منعقد کئے گئے۔ بریفنگ کے مطابق سپیکر قومی اسمبلی، چیئرمین سینٹ، گورنر پنجاب، گورنر سندھ، گورنر خیبر پختونخوا اور ارکان پارلیمنٹ کو وفاقی محتسب کی کارکردگی سے آگاہ کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے دس علاقائی دفاتر کے افسران نے آؤٹ ریچ کمپلینٹ ریزولیشن پروگرام کے تحت 72 اضلاع اور تحصیلوں کے 370 دورے کئے، وفاقی محتسب نے کیسز کے 60 دنوں میں فیصلے کئے، نظرثانی اپیلوں کے 45 دن میں فیصلے کئے گئے۔

شال بقیہ 13

وزیراعلیٰ پنجاب کا شاندار استقبال کیا گیا اور ان کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں قبائلی وسیاسی عمائدین سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والوں لوگوں نے شرکت کی، وزیراعلیٰ بلوچستان نے وزیراعلیٰ پنجاب کو روایتی پگڑی باندھی جبکہ بی اے پی کے رہنما اسفندیار کاکڑ نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو روایتی پگڑی پہنائی، اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب نے حکومت پنجاب کی جانب سے تربت میں سو بستروں پر مشتمل ہسپتال کی تعمیر کے لئے 75 کروڑ روپے اور تفتان میں زائرین کے کمپلیکس کی تعمیر کے لئے 25 کروڑ روپے کا چیک پیش کیا، وزیراعلیٰ بلوچستان نے اہم منصوبوں کی تعمیر کے لئے گرانقدر معاونت پر وزیراعلیٰ پنجاب کا شکریہ ادا کیا۔ بعدازاں وزیراعلیٰ پنجاب سے پشین کے مختلف وفود نے ملاقات کی اور ان کی پشین آمد پر اظہار تشکر کیا۔

شال بقیہ 14

جواب دو۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اپنے بیان میں کہا کہ فارن فنڈنگ میں ہونے والی کرپشن کا جواب دو، ایراج گروپ اور کے الیکٹرک کی کرپشن کا جواب دو، آٹا، چینی، پیٹرول، پی آئی اے اور بلین ٹری منصوبے میں ہونے والی کرپشن کا جواب دو۔

شال بقیہ 15

پالیسی کی شق نمبر 9(a)(v)) اور (b) میں بھی کسی امیدوار کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی کرنے کی تصدیق نہیں ہوئی۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں سپریم کورٹ کے فیصلے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر کسی آسامی پر کوئی امیدوار جوائنگ نہیں دیتا تو حکومت اس نشست کو خالی قرار دیتے ہوئے دوبارہ مشتہر کر سکتی ہے جبکہ صوبائی حکومت کی پالیسی میں بھی یہی نکات شامل ہیں۔ عدالت نے فیصلے میں کہا ہے کہ عدالت عموماً حکومت کی بنائی گئی پالیسی میں اس وقت تک مداخلت نہیں کرتی جب تک اس میں بدنیتی یا اختیارات کا ناجائز استعمال ثابت نہ ہو جبکہ بدنیتی ثابت نہ ہونے پر حکومت کی پالیسی کو ختم نہیں کیا جا سکتا فیصلے میں کہا گیا ہے کہ حکومت کی پالیسی میں کسی بھی قسم کی بدنیتی ثابت نہیں ہوئی لہٰذا ابھرتیوں کے خلاف دائر کردہ درخواست خارج کرتے ہوئے 28 اپریل 2020 کو آسامیوں پر دیا گیا عبوری حکم بھی منسوخ کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 16

بارڈر تجارت اور زراعت سے وابستہ ہے بارڈر کی بندش سے لوگ بے روزگار اور ٹڈی دل کی وجہ سے زراعت کا شعبہ تباہ ہو گیا ہے اے این پی اور بی این پی عوامی اگر بارڈرز نہیں کھلوا سکتے تو اپوزیشن چھوڑ پر آجائیں دنیا بھر کے اکثر ممالک میں لاک ڈاؤن ختم ہو چکا ہے اب یہاں بھی وہ صورتحال نہیں رہی ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کے صوبائی نائب امیر مولانا محمد سرور موسیٰ خیل، پارلیمانی لیڈر ملک سکندر ایڈووکیٹ، میر ذاہد ریگی، حاجی سید عبدالواحد آغا اور حاجی غوث اللہ نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اراکین صوبائی اسمبلی حاجی محمد نواز کاکڑ، میر یونس عزیز زہری، ضلعی امیر مولانا عبدالرحمان رفیق ودیگر بھی موجود تھے مولوی محمد سرور موسیٰ خیل نے کہا کہ صوبے کے ساتھ ہمسایہ ممالک کی بارڈرز کی بندش سے صوبے میں نیا بحران پیدا ہو گیا ہے یہ صرف بارڈر سے منسلک اضلاع کا مسئلہ نہیں بلکہ بلوچستان کی ڈوب سے جب تک تمام عوام کا اجتماعی مسئلہ بن چکا ہے۔

شال بقیہ 17

1650 کلوگرام انڈین ساخت کا گوٹا 2400 کلوگرام دال چنا کی سمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دیا گیا اسی طرح لکپاس کے مقام پر 40 ہزار لیٹر ڈیزل جو کہ ایرانی ساخت کا ہے بمعہ فرار قبضے میں لیا جبکہ سوراب کے مقام پر 580 سولر بمع گاڑی قبضے میں لے لیی گئی تمام کارروائیوں کے دوران برآمد کئے گئے سامان کی قیمت ایک اندازے کے مطابق چار کروڑ روپے بنتی ہیں ایڈیشنل کلکٹر پریوینٹو یاسر کلوڑ، ڈپٹی کلکٹر اکبر جان گندا پور اور سپرنٹنڈنٹ طارق سلطان، اسلم خان، انسپکٹرز احمد نواز زہری، اسفندیار اور یوسف نوتیزئی نے حصہ لیا، چیف کلکٹر ڈاکٹر سیف الدین جونیجو اور کلکٹر پریوینٹو نے اسٹاف کے کارروائیوں کو سراہا۔

شال بقیہ 18

قاصر ہیں لہٰذا حلقے کے عوام کو ارکسی بھی کام کے سلسلے میں رابطہ کرنا مقصود ہو تو وہ حب میں قائم بلوچستانی عوامی رابطہ آفس سے براہ راست اور فون پر رابطہ کر سکتے ہیں عوامی رابطہ آفس کے علاوہ MNA اسلم بھوتانی ان دنوں پارلیمنٹ کے اجلاس کی وجہ سے اسلام آباد میں ہیں جہاں پر طبی ماہرین سے مشورہ کے بعد وہ اپنے علاج کیلئے اسلام آباد میں قیام کریں گے یا پھر کراچی آئیں گے۔

شال بقیہ 19

نے کہا کہ روز ویلٹ ہوٹل کے حوالے سے ماضی میں بھی مختلف اقدامات کیے گئے، روز ویلٹ ہوٹل کو کوئی فروخت نہیں کر رہا البتہ جوائنٹ وینچر پر کام ہو رہا ہے۔ چیئرمین کمیٹی مشاہد اللہ خان نے کہا کہ کورونا سے صرف ہوٹل کو ہی فرق پڑا ہے، امریکی صدر کے داماد کا ہوٹل کے خریدنے کے حوالے سے نام آیا، اس کی کیوں تردیدی ابھی تک نہیں آئی، اگر تردید نہ آئے تو لوگوں کی رائے کو تقویت ملتی ہے۔ سینیٹر فیصل جاوید نے کہا کہ زلفی بخاری کی جانب سے تردید آگئی ہے، امریکہ صدر کی طرف سے میں تردید نہیں کر سکتا۔ وفاقی وزیر غلام سرور خان نے کہا کہ پرائیویٹائزیشن کمیشن میں خواجہ آصف صاحب نے کہا کہ ٹرمپ کی جانب سے ہوٹل کی خریداری بارے بیان دیا گیا، حکومت کی سطح پر ایسا کوئی کام پایا نہیں، روز ویلٹ ہوٹل کو دوبارہ تعمیر نہیں کیا جا سکتا، ہوٹل خسارے میں جا رہا ہے، کورونا سے نمٹنے کے بعد ہوٹل کا معاملہ دیکھیں گے اس حکومت کی جانب سے کوئی غلط ڈیل نہیں ہوگی۔

شال بقیہ 20

شادی ہال والوں کا شدید دباؤ ہے شادی ہال والے گزشتہ چار ماہ سے بیروزگار ہیں اور شادی ہال سے منسلک متعدد شعبوں سے وابستہ افراد بیروزگار ہیں ریسٹورنٹ دو ماہ مکمل طور پر بند رہے اور دو ماہ سے انہیں پارسل اور ٹیک اوے کی اجازت دی گئی جس سے ان کا خرچہ پورا نہیں ہوتا کوئٹہ میں پارسل کا سسٹم ناکام ہے یہاں ریسٹورنٹ میں بیٹھ کر کھانے کی روایت ہے تیسرا ہماری دکانیں شام سات بجے بند کرادی جاتی ہیں اب چونکہ عید کی آمد ہے اور دن بدن عید کی خریداری کرنے والوں میں اضافہ ہو رہا ہے جس سے بازاروں میں رش بڑھنے کا احتمال ہے اور زیادہ تر لوگ گرمی سے بچنے کیلئے سورج ڈھلنے کے بعد خریداری کرتے ہیں اس لئے عید کے موقع پر دکانداروں کو رات دس بجے تک کاروبار کا موقع دیا جائے اس سے کاروبار کا وقت زیادہ ہونے سے خریدار بھی تقسیم ہو جائیں گے اور ایس او پیز پر عمل کرنا ممکن ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان نے انجمن تاجران کے رہنماؤں کی گزارشات کو بہت غور سے سنا اور کہا کہ آپ کی مشکلات کا مجھے اندازہ ہے اور ہم بھی چاہتے کہ covid 19 کی وجہ سے جو شعبہ بند کئے گئے تھے انہیں ایس او پیز کے تحت اجازت دی جائے وزیراعلیٰ بلوچستان نے اجلاس میں موجود صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو کو ہدایات دیں کہ وہ تاجروں کے ساتھ مل بیٹھ کر ایس او پیز طے کر کے کاروبار کھولنے کا نوٹیفکیشن جاری کریں انجمن تاجران بلوچستان کے رہنماؤں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ نے ہمارے مسائل کو ہمیشہ ترجیح بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کی ہے جس پر ہم ان کے شکر گذار ہیں۔

شال بقیہ 21

منگوایا۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرول کمپنیاں مہنگا پیٹرول خرید کر سستا نہیں بیچ سکتی تھی، حکومت بروقت پیٹرولیم مصنوعات منگواتی تو عوام کو سستے داموں مل سکتا تھا، وزیر کو مخالفت کرنے کی بجائے جواب دہ ہونا چاہیے تھا۔ وفاقی وزیر عمر ایوب نے کہا کہ پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی میں اضافہ نہیں ہوا، لاہور ہائیکورٹ میں یہ کیس چل رہا ہے، پی ڈی ایل فنانس بل میں آچکا ہے، اب اس پر بات کرنا فضول ہوگا۔ سید نوید قمر نے کہا کہ ہمارے قواعد اس معاملے کو پارلیمنٹ میں زیر بحث لانے کی اجازت دیتے ہیں۔ ڈپٹی سپیکر نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اضافے پر بحث کی تحریک مسترد کر دی۔

شال بقیہ 22

ترسیل کر دی، بلوچستان کو 29 ہزار 395 حفاظتی سوٹ اور 37 ہزار میڈیکل گاؤن بھی دیے گئے ہیں جبکہ بلوچستان کو 44 ہزار جوڑے، دستانے 6 ہزار 938 سرجیکل کیپس بھی دی گئیں، ترجمان کے مطابق 28 ہزار حفاظتی عینکیں اور 5 ہزار 94 فیس شیلڈز بھی شامل ہیں۔

شال بقیہ 23

صوبوں کو نظر انداز کرنے کی شکایت کے باوجود وفاقی حکومت نے اس بات پر زور دیا کہ مستقبل کا توانائی منصوبہ کسی بھی بین الصوبائی تفرقہ کے بجائے استحکام پر مبنی ہوگا۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی جانب سے انڈیکیٹیو جنریشن کپیسٹی ایکسپینشن پلان 2020-47 (آئی جی سی ای پی) کے اجلاس کی صدارت چیئرمین توصیف احسان فاروقی نے کی۔ نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (این ٹی ڈی سی) کی جانب سے آئی جی سی ای پی کو بین الاقوامی قرض دینے والی ایجنسیوں اور کنسٹیٹیوشنس کی جانب سے سافٹ ویئر پالیسی کی مدد سے حتمی شکل دی گئی ہے۔ صوبائی حکومتوں نے شدید تشویش کا اظہار کیا کہ ان کے مفادات کے ترجیحی منصوبوں کو اس منصوبے میں شامل نہیں کیا گیا تھا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر انرجی بلوچستان اشفاق احمد نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ان کی حکومت کے بھیجے گئے قابل تجدید منصوبوں کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 24

جانب سے ریکوزیشن میں تجویز کردہ غیر قانونی طور پر زرعی اجناس کی سمگلنگ، محکمہ معدنیات کے قواعد وضوابط کے برعکس غیر شفاف طریقے سے سینڈک لیز میں پندرہ سالہ توسیع پر مفصل بحث کی جائے گی

شال بقیہ 25

کے برعکس شہباز شریف آئین اور قانون کے سامنے سر جھکا رہے ہیں، عمران صاحب قارن فنڈنگ، بیلی کاپٹر، بلین ٹری سونامی، 23 خفیہ اکاؤنٹس میں کب پیش ہوں گے؟ عمران صاحب کورونا کے بہانے آپ اور آپ کا وکیل پیش نہیں ہوتا لیکن شہباز شریف پیش ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیب نیازی گٹھ جوڑ کسی عوامی منصوبے میں کرپشن، لنک چینلز، کمشن یا اختیارات کا ناجائز استعمال ثابت نہیں کر سکا، شہباز شریف کی بے گناہی اعلیٰ عدالتوں میں ثابت ہو چکی ہے لیکن نیب نیازی گٹھ جوڑ کو شرم نہیں آتی، نیب کورونا کے باوجود ہدایت کے برخلاف یہ ہے قانون ایک دھیلے کی کرپشن نہیں ملی لیکن نیب نیازی گٹھ جوڑ کے جھوٹے الزام ختم نہیں ہوئے، ذاتی کاروبار میں بھی کرپشن کا کوئی عنصر نہیں مل سکا لیکن پھر بھی عمران صاحب کے انتقام کا سلسلہ جاری ہے۔

شال بقیہ 26

جا سکے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ڈاکٹر آفتاب کاکڑ نے کہا کہ ملک بھر میں کورونا وائرس پھیلنے کے باعث بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین پلانے کی مہم عارضی طور پر معطل کی گئی تھی اب جبکہ ملک بھر اور خاص کر بلوچستان میں انسداد پولیو مہم شروع کی جا رہی۔

شال بقیہ 27

ڈبل مین گاڑی برآمد گرفتار ملزمان کے انکشافات کے بعد مزید گرفتاریاں متوقع تفصیلات کے مطابق ایس پی پنجگور حنیف بلوچ کی ہدایت پر دشبود پولیس تھانہ کے ایس ایچ او جاوید بلوچ نے کارروائی کرتے ہوئے دشبود سے چھینی گئی پک اپ گاڑی کو برآمد کر کے کار لفٹر گروہ کے 2 کارندوں کو بھی گرفتار کر لیا گرفتار ملزمان کی نشاندہی اور انکشافات کے بعد کار لفٹر گینگ کے سرغنہ اور دیگر کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مار کارروائیاں جاری ہیں۔

شال بقیہ 28

تصادم دو افراد زخمی ہو گئے لیویز کے مطابق گزشتہ روز جنگل پیر علی زئی میں دو گروپوں میں تصادم کے نتیجے میں دو افراد رحمت اللہ اور احسان اللہ فائرنگ سے زخمی ہو گئے جنہیں اطلاع طبی امداد کے بعد کوئٹہ منتقل کر دیا گیا لیویز کے مطابق تصادم پرانی دشمنی کا شاخسانہ ہے لیویز نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شرو

ایکنک نے 289 ارب روپے مالیت کے 4 منصوبوں کی منظوری دیدی

سکھر حیدرآباد موٹروے کی پی او ٹی کے تحت 165 ارب سے تعمیر کی منظوری دی گئی، سکھر حیدرآباد موٹروے کیلئے 24 ارب روپے سے اراضی خریدی جاچکی ہے

ایم 8 شاہراہ کا حوشاب، آواران، خضدار سیکشن منظور، ایم 8 سے بلوچستان کے مختلف علاقوں تک رسائی بڑھے گی' وفاقی وزیر زیر منصوبہ بندی اسد عمر

اسلام آباد (این این آئی) ایکنک نے 289 ارب روپے مالیت کے 4 منصوبوں کی منظوری دیدی۔ حضرات کو وفاقی وزیر زیر منصوبہ بندی اسد عمر نے ایکنک اجلاس پر ٹویٹ میں بتایا کہ ایکنک نے 289 ارب روپے مالیت کے 4 منصوبوں کی منظوری دیدی۔ اسد عمر نے کہا کہ سکھر حیدرآباد موٹروے کی پی او ٹی کے تحت 165 ارب سے تعمیر کی منظوری دی گئی، سکھر حیدرآباد موٹروے کیلئے 24 ارب روپے سے اراضی خریدی جاچکی ہے۔ اسد عمر کے مطابق ایم 8 شاہراہ کا حوشاب، آواران، خضدار سیکشن منظور، ایم 8 سے بلوچستان کے مختلف علاقوں تک رسائی بڑھے گی، ایم 8 مستقبل میں گوادر سے وسطی پاکستان تک تجارت کا اہم ذریعہ ثابت ہوگا، سوات ایکسپریس وے کے چکدرہ تا فتح جنگ سیکشن کی بھی منظوری دی گئی، سوات موٹروے ایکسٹینشن چکدرہ، سید شریف، بیجکورو بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ایڈیشنر پیٹر طارق جاوید مینگل سے عبدالرحیم کاکڑ کی قیادت میں میڈیکل ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہے ہیں

دنیا آخرت کی کھیتی ہے، اس میں جو بوئیں گے وہ کاٹیں گے، محمد الیاس عطار قادری

اگر دنیا میں رہ کر جنت میں جانے والے کام کریں گے تو آخرت میں جنت ملے گی

جو جہنم میں جانے والے کام کریگا تو بروز قیامت اس کا رخ بھی جہنم کی طرف ہوگا' امیر اہلسنت

کوئٹہ (آن لائن) امیر اہلسنت حضرت علامہ محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ نے کہا ہے کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے، اس میں جو بوئیں گے وہ کاٹیں گے، اگر دنیا میں رہ کر جنت میں جانے والے کام کریں گے تو آخرت میں جنت ملے گی اور جو جہنم میں جانے والے کام کریگا تو بروز قیامت اس کا رخ بھی جہنم کی طرف ہوگا۔ برطانیکی کا فائدہ دنیا میں بھی ہوتا ہے اور آخرت میں بھی ہوتا ہے، اگر ہم علم دین حاصل کریں گے تو عبادت درست بجالاسکیں گے اور اگر علم حاصل نہیں کریں گے تو عبادتوں بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

محکمہ کھیل وامور نوجوانان حکومت بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ کھیل وامور نوجوانان حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق محکمانہ پرموشن کمیٹی کی سفارش اور مجاز حکام کی منظوری سے عبداللہ ولد شاہ میر، غلام مرتضیٰ ولد غلام سرور، عبدالودود ولد مستی خان، عبدالرحیم بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

قومی ادارے کو اربوں کا نقصان پہنچانے پر وزیراعظم مستعفی ہوں' شہباز شریف

ڈی جی سول ایوی ایشن کے خط کے بعد وزیراعظم اور وزیر کے خلاف کارروائی ہونی چاہئے

عالمی سطح پر ملک کی بدنامی، ملک کا نام بدنام کرنے والے جعلی حکمرانوں نے قوم کا سکون چھینا، جعلساز حکمران سزا کے مستحق ہیں' صدر (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے وزیراعظم عمران خان سے استعفیٰ دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ عالمی سطح پر ملک کی بدنامی، قومی ادارے کو اربوں کا نقصان پہنچانے پر وزیراعظم مستعفی ہوں۔ ڈی جی سول ایوی ایشن کے خط کے بعد وزیراعظم اور وزیر کے خلاف کارروائی ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے اربوں روپے کے نقصان کا ذمہ دار وزیراعظم ہے۔ سرکاری خزانے کو نقصان پہنچانا اختیارات بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پی پی پی بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی بابر خان موسیٰ خیل ملاقات کر رہے ہیں

شیخ برادری کے تمام لوگ میرے لیے قابل احترام ہیں' شیخ محمد بخش

اوتھل (نامہ نگار) چیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ کے اعزاز میں سیٹھ محمد صدیق شیخ کی جانب پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا جس میں شیخ برادری سے تعلق رکھنے والے معززین نے کثیر تعداد میں شرکت کی، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز شیخ برادری کی معتبر شخصیت سیٹھ محمد صدیق بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

مولانا عبدالرحمن رفیق نے آج بروز (جمعہ) کو مجلس عاملہ کا اجلاس طلب کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق نے مجلس عاملہ کا اجلاس آج بروز جمعہ ساڑھے تین بجے سی ٹی ٹائٹ ٹاؤن مجدی مسجد طلب کیا ہے۔

سردار رحمت اللہ خاضخیلی اور ڈاکٹر حکیم لاسی کی قیادت پر مکمل اعتماد ہے' مولا بخش خاضخیلی

خاضخیلی جماعت کے پلیٹ فارم سے برادری کی فلاح وبہبود کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے

اوتھل (نامہ نگار) پاکستان خاضخیلی جماعت تحصیل اوتھل کے عہدیداران صدر مولا بخش خاضخیلی، جنرل سیکرٹری امان اللہ بیرانی خاضخیلی، آفس سیکرٹری مسعود عالم خاضخیلی، بلال احمد خاضخیلی، عرفان احمد خاضخیلی، ذوالی محمد مدنی خاضخیلی، عمر فاروق خاضخیلی و دیگر کا پاکستان خاضخیلی جماعت لسبیلہ کی ضلعی مشاورتی کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر حکیم لاسی، ضلعی خزانچی شاہد حسین خاضخیلی اور ضلعی ترجمان رحمت اللہ خاضخیلی کے ہمراہ گوٹھ عارباری خاضخیلی سالار ریگ کا یونین سازی کے حوالے سے دورہ، گوٹھ عارباری خاضخیلی سالار ریگ کے سربراہ علو عارباری خاضخیلی اور اہلیان گوٹھ نے وفد کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلاتے بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

ناہل حکمرانوں کی ناقص کارکردگی سے عوام کرب میں مبتلا ہیں' ڈاکٹر محمد یعقوب بلوچ

مہنگائی بیروزگاری کے ریلیف دینے والے جعلی حکومت کو گھر جانا چاہیے

منچر (نامہ نگار) ناہل حکمرانوں کی ناقص کارکردگی سے عوام کرب میں مبتلا ہیں مہنگائی بیروزگاری کے ریلیف دینے والے جعلی حکومت کو گھر جانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام بازار یونٹ منچر کے ترجمان ڈاکٹر محمد یعقوب بلوچ ڈاکٹر صالح سالاتی صبغت اللہ ودیگر رہنماؤں نے ایک مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام مہنگائی کے چکی میں پس رہی ہے حکمرانوں کو کوئی پرواہ نہیں راشن فنڈز سے لیکر ترقیاتی منصوبوں کے فنڈز تک صرف سیاسی بندر بانٹ ہو رہی ہے عوامی مسائل جوں کے توں رہ گئے بنیادی مسائل کا انبار ہے مہنگائی بیروزگاری عروج پر ہے نوجوان تعلیم یافتہ طبقے ڈگریاں بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی کی ملک بھر کے علماء ومشائخ کے ساتھ ویڈیو کانفرنس میں گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی ودیگر شریک ہیں

بلوچستان ٹیننگ ایسوسی ایشن کے ممبر شمس الرحمان کی اہلیہ قضائے الٰہی سے انتقال کرگئیں

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان ٹیننگ ایسوسی ایشن کے ممبر شمس الرحمان کی اہلیہ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں ہے۔ نماز جنازہ مسجد زرغون ریلوے پھاٹک گراؤنڈ میں 2 بجے بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

شہباز شریف کی سیاست کا سورج نواز شریف کی طرح غروب ہونے کو ہے' فیاض الحسن چوہان

پی پی کی سیاست کو بچانے کے لئے شہباز شریف، حمزہ شہباز اور لیگی ترجمان سرتوڑ کوشش کررہے ہیں' صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ شہباز شریف کی سیاست کا سورج نواز شریف کی طرح غروب ہونے کو ہے۔ اپنے بیان میں فیاض الحسن چوہان نے کہا 1990 میں شہباز شریف کے ظاہر کردہ اثاثوں کی مالیت 21 لاکھ تھی، 1998 میں بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

سکھ یاتریوں کو ویزا کے بغیر کرتارپور آنے کی اجازت ہے' وزارت داخلہ

یاتریوں کے پاس امیگریشن کلیئرنس کے لیے انڈین پاسپورٹ ساتھ لانا ضروری ہے

سکھ یاتری طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک کرتارپور واپس جاسکتے ہیں، قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کو بتایا گیا ہے کہ سکھ یاتریوں کو ویزا کے بغیر کرتارپور آنے کی اجازت ہے، یاتریوں کے پاس امیگریشن کلیئرنس کے لیے انڈین پاسپورٹ ساتھ لانا ضروری ہے، سکھ یاتری طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک کرتارپور واپس جا سکتے ہیں۔ حضرات کو وقفہ سوالات کے دوران اپنے تحریری جواب میں وزارت داخلہ نے کہا کہ یاتریوں کے پاس امیگریشن کلیئرنس کے لیے انڈین پاسپورٹ ساتھ لانا ضروری بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

اوتھل' چیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ موضع بوچیری میں شیخ برادری کی معتبر شخصیت سیٹھ محمد صدیق شیخ کی جانب سے دیے گئے ظہرانے میں شریک ہیں

حکومت رکاوٹ ڈالنے کے بجائے تعاون کریں تاکہ کروڑوں طلبا کا مستقبل بچایا جاسکیں' اہلسنت والجماعت

حکومت دینی مدارس اور پرائیویٹ سکولوں کے تمام مسائل حل کریں' مولانا محمد رمضان میینگل

کوئٹہ (آن لائن) اہلسنت والجماعت کے رہنماؤں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ وفاق المدارس کو ملک بھر میں ایس او پیز کے تحت کامیاب امتحانات کروانے پر مبارک باد پیش کرتے ہیں مدارس کی اصلاحات کی باتیں کرنے والے آج مدارس کا نظام دیکھ لیں کروڑوں روپے فنڈز لے کر تعلیمی ادارے چلانے والوں کے لئے وفاق المدارس ایک قابل تقلید ادارہ ہے کہ بغیر کسی فنڈ کے اس قدر منظم انداز میں چلایا جارہا ہے ان خیالات کا اظہار اہلسنت والجماعت کے صوبائی صدر مولانا محمد رمضان میینگل ضلعی صدر قاری عبدالولی فاروقی نے اپنے بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ وفاق المدارس کے سالانہ امتحانات بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے اس نااہل حکمرانوں کا مستعفی ہونا ضروری ہے' مولانا حکیم حبیب اللہ بزنجو

عوام نے تبدیلی کے نام پر ووٹ دیا تھا لیکن لوگوں کو رسوائی اور مایوسی کے علاوہ کچھ نہیں ملا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی رہنماء نے کہا کہ ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے اس نااہل حکمرانوں کا مستعفی ہونا ضروری ہے عوام نے تبدیلی کے نام پر ووٹ دیا تھا لیکن لوگوں کو رسوائی اور مایوسی کے علاوہ کچھ نہیں ملا حکومت مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے، اگر نااہل حکومت کو مزید مہلت دی گئی تو ملک کیلئے خطرناک ہوگا پاکستان کو معاشی طور پر مستحکم کرنے کی دعویٰ کرنے والا بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

15 ستمبر تک تعلیمی اداروں کو بند کرنے کے فیصلہ کو مسترد کرتے ہیں' پرائیویٹ سکولز گرینڈ الائنس

5 اگست سے نجی تعلیمی اداروں کو از خود کھولنے کا فیصلہ کرنے پر حق بجانب ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پرائیویٹ سکولز گرینڈ الائنس نے 15 ستمبر تک تعلیمی اداروں کو بند کرنے کے فیصلہ کو مسترد کرتے ہوئے فیصلہ کیا ہے کہ اگر 4 اگست تک تعلیمی اداروں کو نہ کھلا گیا تو 5 اگست سے نجی تعلیمی اداروں کو از خود کھولنے کا فیصلہ کرنے پر حق بجانب ہوگی اور اگر 15 ستمبر تک تعلیمی اداروں کو بند رکھا گیا تو پھر نجی تعلیمی اداروں کو احتجاجاً مارچ تک بند رکھے گے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز گرینڈ الائنس کے جنرل باڈی کے اجلاس میں کیا بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

جھکور سوردو میں ایک مکان کے لنٹر سے انسانی ہڈیاں برآمد

جھکور (این این آئی) جھکور سوردو میں ایک مکان کے لنٹر سے انسانی ہڈیاں برآمد پولیس کے مطابق یہ ہڈیاں بظاہر ایک بچے کی لگتی ہیں تاہم اس علاقے سے فقیر جان ولد غلام رسول نامی بچہ 4 جون کو گھر سے لاپتہ ہوگیا تھا جس کی عمر 13 سال کے لگ بھگ تھی گمان کیا جارہا بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

بدترین غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ شروع کرکے سخت گرمیوں میں عوام کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے' اتحاد ڈی پی

یوں لگتا ہے کہ کیسکو کے، کے الیکٹر کے ساتھ مقابلے میں شامل ہونا چاہتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں ہزارہ ٹاؤن و گردونواح، علمدار روڈ سے منسلک علاقوں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یوں لگتا ہے کہ کیسکو کے، کے الیکٹر کے ساتھ مقابلے میں بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

پی پی پی کے سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی کی ڈپٹی اسپیکر بابر موسیٰ خیل سے ملاقات

ملاقات میں دونوں رہنماؤں کی صوبے کی موجودہ سیاسی صورتحال و عوامی مسائل پر بات چیت کی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی نے جمعرات کو ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل سے ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں کی صوبے کی موجودہ سیاسی صورتحال و عوامی مسائل پر بات چیت کی۔

وزیر داخلی پنجاب سردار عثمان بزدار وزیر داخلی بلوچستان جام کمال خان کوئٹہ میں ہسپتال کے قیام کیلئے 75 کروڑ کا چیک دے رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی کی کامیاب کارروائی

اغوا ہوجانے والی خاتون کو کراچی کے علاقے لیاری سے بازیاب کرکے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے

نصیر آباد (نمائندہ خصوصی) ڈیرہ مراد جمالی پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی کی کامیاب کارروائی کچھ روز قبل اغوا ہوجانے والی خاتون کو کراچی کے علاقے لیاری سے بازیاب کرکے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ ایس ایس پی نصیر آباد عبدالحی عامر بلوچ کی خصوصی ہدایت پر پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی کے ایس ایچ او سکندر سعید عمرانی نے پولیس پارٹی کے ہمراہ کامیاب کرتے ہوئے کچھ دن قبل ڈیرہ مراد جمالی کے لاڈگاہ محلہ سے مبینہ طور پر اغوا کی جانے والی خاتون زرینہ بی بی اور اسکے بچے کو کراچی بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

حکومت کی جانب سے گرانٹ ان ایڈ نہ ملنے کی وجہ سے ادارے بند ہونے کے دہانے پر پہنچ گئے ہیں' ملک رشید کاکڑ

بلوچستان ایجوکیشن گرینڈ الائنس بہت جلد آئندہ کے لائحہ عملے کا اعلان کریگی، آل پاکستان پرائیویٹ اسکولز

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان پرائیویٹ اسکولز اینڈ کالج ایسوسی ایشن کے صدر ملک رشید کاکڑ نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں ہونے والی وزراء تعلیم کانفرنس میں پاکستان کے تمام تعلیمی ادارے 15 ستمبر تک بند رکھنے کا فیصلہ کیا ہے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ بلوچستان کے اسکول 15 دسمبر 2019 سے اب تک بند ہیں اور انہیں اب تک حکومت کی جانب سے گرانٹ ان ایڈ نہ ملنے کی وجہ سے ادارے بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

میر سراج خان رئیسانی ملک اور بلوچستان سے محبت کرنا والا سپاہی ہے' میر نادر خان ابڑو

شہید کے پرچم ملک کے لیے دی گئیں قربانیوں کو نظریہ کو عملی جامعہ پہنچائیں گے

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی اسٹوڈنٹس جناب کالج میر نادر خان ابڑو نے کہا کہ شہید سراج خان رئیسانی نڈر محبت وطن انسان غریبوں کے ہمدرد تھے انہوں نے بلوچستان میں مشکل حالات کے باوجود پاکستانی پرچم کو سربلند رکھا دشمن بوکھلاہٹ کا شکار ہوگیا 13 جولائی کو بھارت کی رہنمائی کے پیش نظر دشمن نے دھماکہ کرکے محب وطن سپوت کو ہم سے جدا کردیا کیونکہ دشمن جان بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

پاکستان کے تحفظ کیلئے کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا' حافظ صدیق مدنی

ملک دشمن طاقتوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا جائے گا' رہنماء جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (پ ر) پاکستان کی نظریاتی وجغرافیائی سرحدوں کے تحفظ کیلئے کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا اور ملک دشمن طاقتوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا جائے گا۔ وطن دشمن عناصر جان لیں کہ پاکستانی عوام وطن عزیز کی وحدت اور سلامتی کو یقینی بنانے کی خاطر متحد اور افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کے رہنماء اور ممبر بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

تمام اضلاع میں رش کم کرنے کے لیے حکومت طول وعرض میں بکرا منڈیاں قائم کی جائے' مولانا قاری میر اللہ

کورونا وائرس کے ممکنہ پھیلاؤ کو روکنے کے لیے شہر میں 30 بکرا منڈیاں قائم کرنا اہم اقدام ثابت ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری میر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، شیخ الحدیث مولانا نیاز محمد، مولانا خدائے نظر، حاجی داد محمد، ضلعی کنوینر مولانا محمد ابراہیم، ڈپٹی کنوینر مولوی رحمت اللہ حقانی، تحصیل پکاک امیر مفتی رحمت اللہ ودیگر نے کہا کہ تمام اضلاع میں رش کم کرنے کے لیے حکومت طول وعرض میں بکرا منڈیاں قائم کی جائے کورونا وائرس بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

نالائق حکمران خود کو بچانے کے لئے سیاسی مخالفین کو انتقام کا نشانہ بنا رہے ہیں' پرویز ملک

معیشت سنبھالی نہیں جاری آنے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کرکے عوام کے زخموں پر نمک پاشی کی جاری ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر محمد پرویز ملک و جنرل سیکرٹری لاہور خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ نالائق حکمران خود کو بچانے کے لئے سیاسی مخالفین کو انتقام کا نشانہ بنا رہے ہیں، جتنے چاہیں مقدمات بنالیں کچھ ثابت نہیں ہوگا، معیشت سنبھالی نہیں جاری آنے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کرکے عوام کے زخموں پر نمک پاشی کی جاری ہے، عمران نیازی بیانات بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے قبائلی رہنما سردار موسیٰ خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

محکمہ ماحولیات کی کارروائی ہول سیل میں پلاسٹک بیگ فروخت کرنے والی دکانوں کو سیل کردیا

پلاسٹک بیگ کے استعمال پر پورے بلوچستان میں پابندی لگائی جاچکی ہے

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ ماحولیات کی کوئٹہ شہر میں کارروائی ہول سیل میں پلاسٹک بیگ فروخت کرنے والی دکانوں کو سیل کردیا، ڈائریکٹر جنرل محکمہ ادارہ تحفظ ماحولیات محمد جہانگیر خان کاکڑ کی ہدایت پر محکمہ ماحولیات اور ضلعی انتظامیہ کا تیز اڈہ سبزی منڈی بزنجو مارکیٹ اور علمدار روڈ پر ہول سیل پلاسٹک بیگ فروخت کے والی دکانوں پر چھاپہ مارا گیا جس کی نگرانی اسپیشل مجسٹریٹ بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

بینظیر پارٹی منچر کا جعلی ڈومیسائلز کا مسئلہ متعلقہ کمیٹی کے سپرد کرنے کا مطالبہ

منچر (نامہ نگار) بینظیر پارٹی منچر کے ترجمان نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ بینظیر پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نائب صدر سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی نے ایک مرتبہ پھر بلوچستان سے جاری ہونے والے جعلی ڈومیسائلز کا مسئلہ سینیٹ بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

محکمہ کھیل وامور نوجوانان حکومت بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ کھیل وامور نوجوانان حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق محکمانہ پرموشن کمیٹی کی سفارش اور مجاز حکام کی منظوری سے عبداللہ ولد عبدالستار اسٹینو گرافر (بی-14) کو اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکرٹری (بی-16) کے عہدے پر مستقل بنیادوں پر 10 جنوری 2020ء سے ترقی دے دی گئی ہے۔

وفاق المدارس کا ایس او پیز کے تحت امتحان کا کامیاب انعقاد نظم ونسق کی روشن مثال ہے، عبدالرحمن رفیق

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کیا امتحانی عمل کی شفافیت تمام عصری وسرکاری اداروں کیلئے مشعل راہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینیئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد سرپرست مولانا مفتی محمد روزی خان مولانا شیخ احمد جان مولانا قاری عبداللہ شیخ مولانا عبدالاحد مولانا محمد ہاشم ضیائی مفتی عبدالغفور مدنی مولانا حکیم حبیب اللہ حافظ عبدالحق حقانی مفتی غلام نبی محمدی حاجی محمد شاہ لالا مفتی عبدالسلام رئیسانی اور دیگر نے کہا ہے کہ وفاق المدارس کا ایس او پیز کے تحت امتحان کا کامیاب انعقاد نظم ونسق کی روشن مثال ہے، اس پر تمام مدارس کے منتظمین، علماء، اساتذہ اور وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی پوری قیادت مبارکباد پیش کرتی ہیں انہوں نے کہا کہ دینی تعلیم و تربیت کے حوالے سے دنیا بھر میں مثالی حیثیت رکھنے والے وطن عزیز کے سب بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

محکمہ واسا کے ملازمین کو 2 ماہ سے تنخواہوں محروم ہیں' غلام نبی مری

مہنگائی نے عوام کا جینا دوبھر کردیا ہے دوسری جانب ملازمین کی تنخواہیں ادا نہیں کی گئی جس کی وجہ سے ان کے گھروں میں فاقوں کی نوبت آن پہنچی ہے

موجودہ صوبائی اور وفاقی حکومتوں نے ہمیشہ سے عوام اور ملازمین دشمن پالیسیاں اختیار کرتے آئے ہیں' ممبر مرکزی کمیٹی بی این پی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری نے محکمہ واسا کے ملازمین کو 2 ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے دوسری جانب ملازمین کی تنخواہیں ادا نہیں کی گئی جس کی وجہ سے ان کے گھروں میں فاقوں کی نوبت آن پہنچی ہے، اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی نااہلی کی انتہا ہے کہ جب کوئی خوشی کا موقع آتا ہے ملازمین کی تنخواہیں بند کردی جاتی ہے محکمہ واسا کے ملازمین کو تنخواہیں ادا نہیں کی گئی ہے اس سے قبل بھی عید الفطر سے پہلے محکمہ واسا کے ملازمین کی وہ ماہ کی تنخواہیں ادا نہیں بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

نصیر آباد صوبائی سیکریٹری سوشل ویلفیئر عبدالرؤف بلوچ کو ڈویژنل ڈائریکٹر محمد سلیم کھوسہ زیر تقرر اراکین کے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر نصیر آباد محمد سلیم کھوسہ کی کارکردگی قابل ستائش ہے' رؤف بلوچ

ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد سلیم کھوسہ نے نصیر آباد ڈویژن میں سوشل ویلفیئر کو فعال کیا ہے

سبت پور (نامہ نگار) ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر نصیر آباد محمد سلیم کھوسہ کی کارکردگی قابل ستائش ہے سیکرٹری سوشل ویلفیئر و ایجوکیشن ایکوکیشن رؤف بلوچ تفصیلات کے مطابق سیکرٹری سوشل ویلفیئر و ایجوکیشن ایکوکیشن رؤف بلوچ کا نصیر آباد ڈویژن کا دورہ کیا اس موقع پر سیکرٹری سوشل ویلفیئر رؤف بلوچ صاحب نے ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر کے آفس میں کمشنر نصیر آباد عابد سلیم قریشی سمیت نصیر آباد ڈویژن کے دیگر سوشل ویلفیئر کے تمام آفسران سے ملاقات کی اس موقع پر ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد سلیم بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

ملازمت میں ٹرانسفر و پوسٹنگ سروس کا اہم حصہ ہے، عنایت اللہ خان کاسی

بی کے لوگ پرامن شہری ہیں اور پیار بانٹنے والے لوگ ہیں' اسسٹنٹ کمشنر بی

بی (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر بی عنایت اللہ خان کاسی نے کہا کہ ملازمت میں ٹرانسفر و پوسٹنگ سروس کا اہم حصہ ہے بی کے لوگ پرامن شہری ہیں اور پیار بانٹنے والے لوگ ہیں بی کے عوام نے مجھے جو محبت دی ہے اسے میں ہمیشہ یاد رکھوں گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے لیویز رسالدار میر محمد عارف مری کی جانب سے لیویز لائن اور رحمت اللہ سومرو اور اسٹاف کی جانب سے اے سی آفس میں بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

گوڈی اور طبہ چیمبل کافی عرصے سے بند ہونے کی وجہ سے بارانی پانی اکھراری طرف چلا جاتا ہے' غلام فاروق شیخ

اوتھل (نامہ نگار) اکسین ایریگیشن لسبیلہ حاجی نثار احمد نے چیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ اور ایس ڈی او ایریگیشن ملک اشرف کے ہمراہ علاقائی معززین کی درخواست پر موضع گوڈی اور موضع طبہ کی تقسیم گاہ کا دورہ بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

انتخابات میں عوام سے کئے گئے وعدے مرحلہ وار پورے کئے جارہے ہیں' ڈاکٹر خیر محمد مندوخیل

صوبائی وزیر حاجی مطاخان کاکڑ کی دن رات کوششوں اور انتھک محنت سے ژوب ترقی کے نئے دور میں داخل ہورہا ہے

ژوب (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی ژوب کے آرگنائزر حاجی شاہ زمان کاکڑ ڈپٹی آرگنائزر ڈاکٹر خیر محمد مندوخیل کاکڑ علامہ نسیم باہر الف دین کاکڑ مولوی قطب الدین خوستی عبداللہ جان کاکڑ اور عبدالغفار موسیٰ خیل نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر حاجی مطاخان کاکڑ کی دن رات کوششوں اور انتھک محنت سے ژوب ترقی کے نئے دور میں داخل ہورہا ہے انتخابات میں عوام سے کئے گئے وعدے مرحلہ وار پورے کئے جارہے ہیں حاجی مطاخان کا ژوب کے عوام کیساتھ محبت اور خلوص ہے۔

ٹیک فیس بک اکاؤنٹ بنا کر شہریوں اور آفسران کی پگڑیاں اچھالنا معمول بن چکا ہے

ماچھی پور (نامہ نگار) ماچھی پور میں سوشل میڈیا کا زیادہ غلط استعمال مبینہ طور پر ٹیک فیس بک اکاؤنٹ بنا کر شریف شہریوں اور آفسران کی آئے روز پگڑیاں اچھالنا معمول بن چکا ہے جس سے شریف شہری اور آفسران عاجز آچکے ہیں، ایف آئی اے، سائبر کرائم اور مقامی پولیس کو ان ٹیک فیس اکاؤنٹ کے خلاف کاروائی کے لئے اقدامات کرنے رپورٹ کے مطابق ضلع صحت پوری سب سے بڑی گنجان آبادی والی تحصیل ماچھی پور میں چند ماہ بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

مزدوروں وملازمین کے مسائل کے حل کیلئے بلوچستان لیبر فیڈریشن کی احتجاجی ریلی

سینکڑوں مزدوروں وملازمین کا دھرنا مسائل حل کرنے کا مطالبہ، جدوجہد کو وسعت دینے کا کا اعلان

ملازمین کو اپ گریڈیشن کے حکومتی نوٹیفکیشن میں شامل کیوں نہیں کیا

کوئٹہ (این این آ